امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الصغیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ و شرح مع تخریج

شرح
المعجم الصغیر

مصنف: امام سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی الشامی

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الصغیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ و شرح مع تخریج

شرح المعجم الصغیر

مصنف

امام سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی الشامی

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

Marfat.com

شرح المعجم الصغیر

مصنف
امام سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر اللخمی الشامی

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	....	جون 2014ء
پرنٹرز	....	آر آر پرنٹرز
تعداد	....	1100/-
ناشر	....	چوہدری غلام رسول - میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	....	=/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲- گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آئینۂ حُسنِ ترتیب

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

6- کتاب الصلوٰۃ

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

9- کتاب الصیام 382

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

21- کتاب اللباس　589

Marfat.com

22- کتاب الاطعمۃ والاشربۃ 607

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

24- کتاب صفة الجنة

Marfat.com

25- كتاب صفة الجهنم 769

26- كتاب المناقب 773

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

27- کتاب الحدود 860

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

30- كتاب التوبة والاستغفار 1001

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

☆☆☆☆☆

الاهداء

احقر اپنی اس کاوش کو عالمِ اسلام کی عظیم روحانی شخصیت جن کی عظمت کا جھنڈا پورے عالم اسلام پر چمک رہا ہے' جنہوں نے کروڑوں لوگوں کے مردہ دلوں کے اندر توحید و رسالت کی خوشبو بکھیری۔

جن کو سرتاج اولیاء' سلطان الاولیاء' نائب رسول' عطائے رسول' حضور خواجہ خواجگان حضرت معین الدین چشتی نے ان القابات سے نوازا ہے:

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا ناقصاں را پیر کامل' کاملاں را رہنما

علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش اور سلطان الفقر حضور سیدی و مرشدی' آقائے نعمت' پیر سید غلام دستگیر چشتی مشہدی کاظمی موسوی قدس سرہ العزیز اور نائب سلطان الفقر حضور مرشدی و سیدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی دام اللہ ظلہ کے نام کرتا ہوں' جن کی خاص توجہ اور دعاؤں کے صدقے احقر اس قابل ہوا۔

خاکپائے علماءِ حق اہل سنت و جماعت
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

انتساب

احقر العباد اپنی اس کاوش کو اپنے جملہ اساتذہ کے نام اور خصوصاً استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر یادگارِ اسلاف، میرے محسن و مربی

حضور مفتی گل احمد خان عتیقی مدظلہ العالی

اور محافظ ناموسِ رسالت داعیٔ اتحادِ اہل سنت، علمبردارِ فکرِ رضا، میرے محسن و مشفق استاذی المکرم

حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی

اور داعیٔ فکر حضرت صدر الافاضل شیخ الحدیث والتفسیر مفکرِ اسلام میرے محسن و مربی و مشفق

حضرت علامہ مولانا ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی

کے نام کرتا ہوں جن کی شب و روز کی محنت اور دعاؤں کے صدقے احقر اس قابل ہوا ہے۔

خاکپائے علماءِ حق اہل سنت و جماعت
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

عرضِ ناشر

اللہ عزوجل کے فضل اور رسولِ پاک ﷺ کے فضل و کرم اور والدین کی دعاؤں کے صدقے سے ادارہ پروگریسو بکس نے بہت تھوڑے عرصہ میں کتب احادیث کے کئی تراجم منظرِ عام پر لائے ہیں۔ اُن میں سے مسند حمیدی' صحیح ابن خزیمہ' صحیح ابن حبان' مؤطا امام مالک' مؤطا امام محمد' شرح مسند امام اعظم کے تراجم آچکے ہیں' جن کو ہر قاری نے بڑا پسند کیا ہے۔ اس تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اب امام طبرانی کی انتہائی مشہور کتاب ''المعجم الصغیر'' کا ترجمہ ہے۔ اس کتاب کے ترجمہ کے لیے ہم نے عالم اسلام کی عظیم دینی و روحانی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ' بلال گنج کے مدرس محترم المقام علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی کی خدمات حاصل کی ہیں' جنہوں نے بڑی محنت اور سرعت کے ساتھ ترجمہ کیا ہے' اللہ عزوجل مولانا کے علم میں مزید برکت دے اور مزید دو دین کی خدمت کی توفیق دے۔

ماشاءاللہ! مولانا کی ایک کتاب جو اپنے موضوع پر بے مثال ہے: ''دورِ صحابہ کے زمانہ میں ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں'' جو کہ علامہ ظفر الدین بہاری کی کتاب ہے' ادارہ نے اس کی تخریج کروا کے اور کچھ اضافہ کر کے شائع کیا ہے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

Marfat.com

عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الصغیر کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے' اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے' اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الصغیر کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں خیال یہ خیال آیا کہ یہ کتاب ایک تو مختصر ہے' دوسری یہ کہ امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا۔

علماء کرام کو تو ماشاء اللہ! اللہ کے فضل سے اس کی ضرورت نہیں تھی' تو اس کا طریقہ یہ اختیار کیا گیا کہ اگر حدیث نماز کے متعلق ہے تو اس کو کتاب الصلوٰۃ میں ذکر کر دیا' جو زکوٰۃ کے حوالہ سے تھی اس کو کتاب الزکوٰۃ میں ذکر کر دیا' الختصر مذکورہ بالا کتاب کی ترتیب فقہی عنوانات سے کر دی' جس سے قارئین آسانی سے فائدہ اُٹھائیں گے اور ساتھ ساتھ ضرورت کے پیش نظر تشریح بھی کی ہے۔

الحمد للہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بے لوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطور تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کر سکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت

Marfat.com

کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام محمد ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ' نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو'اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی وناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

تقریظ

شیخ الحدیث مفتی محمد اشرف بندیالوی

شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

علم اللہ تعالیٰ کی لازوال نعمت ہے، جس کی طرف قرآن وحدیث میں توجہ دلائی گئی ہے، کبھی ملتجانہ اپناتے ہوئے یوں عرض کرنے کا حکم ہوا: "رب زدنی علما" (القرآن) اور کبھی "اطلبوا العلم من المهد الی اللحد" (الحدیث) کی صورت میں حکم دے کر حصولِ علم کے جذبہ کو ممیز کیا گیا۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ علم کے بغیر انسان نہ اپنی حقیقت کا ادراک کرسکتا ہے اور نہ اپنے رب کی پہچان کرسکتا ہے، کسی نے کیا خوب اس حقیقت کی غمازی کی ہے:

"بے علم نتواں خدارا شناخت"

بلاشک وشبہ تمام علومِ ظاہری وباطنی کا مخزن وملجاء قرآن مجید ہے اور قرآن مجید کی حقیقی سوجھ بوجھ احادیث نبویہ ﷺ سے عطا ہوتی ہے۔ اس مقدس ومطہر علم کی ایک کتاب "معجم الصغیر للطبرانی" میرے سامنے ہے، جس کو میرے فاضل دوست حضرت مولانا غلام دستگیر چشتی صاحب نے بڑی محنت وکاوش سے آسان زبان اُردو میں تحریر فرمایا ہے۔ جس کو میں نے چیدہ چیدہ مقامات سے بغور پڑھا ہے، مجھے بڑی خوشی ہے کہ محترم موصوف نے معجم کو فقہی ترتیب پر ترجمہ کیا ہے جو کہ اُن کی بڑی کاوش ومحنت ہے۔ محترم موصوف کو میں تعلیمی زندگی کی ابتداء سے جانتا ہے، مولانا موصوف اپنی طالب علمی زندگی میں کبھی ایسی حرکت نہیں کی کہ ادارے کی عزت پر حرف آئے یا اساتذہ کی عزت مجروح ہو۔ مولانا موصوف کی ساری کامیابیاں اساتذہ کے ادب اور خاص کر اپنے شیخ کامل، پیر طریقت، رہبر شریعت، پیر سید غلام دستگیر چشتی علیہ الرحمۃ کے روحانی فیض سے حاصل کی ہے۔ ورنہ مترجم موصوف اپنے کلاس کے طلباء میں زیادہ اونچا مقام نہیں رکھتے تھے۔ مگر محنت وجدوجہد کو اللہ تعالیٰ کبھی رائیگاں نہیں جانے دیتا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ پروردگار جامعہ رسولیہ شیرازیہ کے فیض کو عام کرتے ہوئے دارالعلوم میں اپنے شاہین قیامت تک پیدا فرماتے رہے اور مترجم کی علمی وسعت کو اور زیادہ وسعت عطا فرمائے۔ آمین!

شیخ الحدیث مفتی محمد اشرف بندیالوی
شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ

تقریظ
شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی
شیخ الحدیث جامعہ رسولہ شیرازیہ وہجویریہ لاہور

ہر دور میں اشاعتِ اسلام کے تین طریقے مروّج رہے ہیں: (۱) درس وتدریس (۲) تصنیف وتحقیق (۳) وعظ وتبلیغ۔ اکابر میں سے بعض صرف درس وتدریس کے ذریعے اشاعتِ اسلام کا فریضہ سرانجام دیتے رہے اور نامور ترین تلامذہ تیار کیے' جیسے شہنشاہِ تدریس بحر العلوم استاد الاساتذہ علامہ عطاء محمد بندیالوی اور حضرت محدث اعظم پاکستان علامہ محمد سردار احمد اور بعض ایسی نامور ترین شخصیات گزری ہیں جنہوں نے درس وتدریس اور تصنیف وتحقیق کے ذریعے یہ فریضہ سرانجام دیا' جیسے شیخ الحدیث والتفسیر جامعہ علومِ عقلیہ ونقلیہ علامہ مولانا غلام رسول رضوی شارحِ بخاری اور بعض ایسی خوش نصیب شخصیات ہیں جنہوں نے تینوں طریقوں سے اسلام کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کیا ہوا تھا۔ ان میں سے سرفہرست مفسر اعظم علامہ فیض احمد اویسی صاحب مرحوم ومغفور ہیں۔ اس موجودہ دور میں اُن خوش نصیب کم عمر شخصیات میں سے اشاعتِ دین کا فریضہ سرانجام دینے میں علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور حضور ﷺ کے وسیلے سے کام کر رہے ہیں اور زندگی کا لمحہ بھر بھی ضائع نہیں ہونے دیتے۔

''المعجم الصغیر للطبرانی'' کا ترجمہ متعدد جگہ سے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ ماشاء اللہ! بہت عمدہ اور بڑی سلاست اور روانی سے ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے اور اس خدمتِ دین کو اُن کے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔

شیخ الحدیث والتفسیر محمد گل احمد خان عتیقی
شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ وہجویریہ لاہور

02-07-14

☆☆☆☆☆

Marfat.com

حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

☆ احمد بن عبدالقاہر
☆ حسن بن سہل
☆ حفص بن عمر
☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
☆ ابوزرعہ دمشقی
☆ احمد بن انس
☆ بشر بن موسیٰ
☆ یحییٰ بن ایوب علاف
☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
☆ ادریس بن جعفر عطاء۔

Marfat.com

☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں، لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض
(۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس
(۴) مسند ابی جحادہ
(۵) مسند عمارۃ بن غزیہ
(۶) احادیث ابی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جحادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک

Marfat.com

(۳۱) جزوابان بن تغلب
(۳۲) جزء حریث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوبؑ۔

وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا صغیر ہے' جاننا چاہئے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہر تنصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور یہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب وغرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دارقطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد وغرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب العنز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور ﷺ کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیر ے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمران' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبالے گا

تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین، یمن، مصر، بغداد، کوفہ، بصرہ، اصفہان، جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر وسیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی، بشر بن موسیٰ، ادریس عطاء، ابوزرعہ دمشقی اور ان کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں، میں نے رسول اللہ ﷺ کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلا تحقیق جمع کر دیا ہے حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان امور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تا کہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں، جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: "اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ" کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی، جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم، محمد بن یوسف فریابی، ح، علی بن عبدالعزیز، ابوحذیفہ، سفیان، منصور، ذر بن عبداللہ، یسیع الحضرمی، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے، پھر آپ نے اس

Marfat.com

کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمہ الباب منعقد کیا ہے یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے' کتاب المسالک' کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ' یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف کردہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی' چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار و لغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے روبرو مشہور محدث ابوبکر جعابی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایںجا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش وخروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدثنا ابو خلیفۃ قال حدثنا سلیمانُ بن ایوبَ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تا کہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہوگی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ

Marfat.com

کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔لیکن ''اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ''۔غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرت روایت میں مستثنٰی اور ممتاز تھے۔ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرادیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا رد کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارت ظاہری جاتی رہی تھی۔آپ نے ماہ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

امام طبرانی کے عقائد ونظریات

جب میں نے المعجم الصغیر للطبرانی کا ترجمہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فضل وکرم سے مکمل کیا تو المعجم الصغیر للطبرانی میں جابجا ایسی احادیث آئیں جن میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شان وشوکت بڑے احسن انداز سے معلوم ہوتی ہے اور عقائد اہل سنت کی حقانیت بھی معلوم ہوتی ہے' تو دل میں یہ خیال آیا کہ کیوں نہ اس کو کچھ صفحات پر لکھ کر کتاب کے شروع میں لگا دیا جائے تاکہ قارئین کو معلوم ہو جائے کہ ہمارے بزرگوں کے عقائد ونظریات وہی ہیں جو آج اہل سنت کے ہیں۔ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعا اور اس کے اثرات

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے' سو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے وضو کا پانی رکھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: کس نے (پانی) رکھا ہے؟ عرض کی گئی: ابن عباس نے' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے میرے کندھے پر (اپنا دست مبارک) مارا اور دعا کی: اے اللہ! اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور اسے تفسیر کا علم عطا فرما! (اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شیخ کی خدمت ترقی علم وعمل کا باعث ہے)۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دست مبارک کی برکت

حضرت عطاء مولیٰ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سائب بن یزید کو دیکھا کہ ان کی داڑھی سفید ہے اور سر کالا ہے۔ میں نے عرض کیا: اے میرے مالک! آپ کے سر کو کیا ہوا کہ یہ سفید نہیں ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ کبھی بھی سفید نہیں ہوگا اور یہ اس وجہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم گزرے اور میں لڑکا تھا' لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا تو آپ نے لڑکوں کو سلام کیا اور میں ان میں تھا تو میں نے لڑکوں میں سے آپ کے سلام کا جواب دیا' تو آپ نے مجھے بلایا' پھر مجھ سے پوچھا: تیرا نام کیا ہے؟ میں نے عرض کی: سائب بن یزید' نمر کا بھانجا۔ آپ نے اپنا ہاتھ مبارک مجھ پر رکھا اور دعا دی: اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے! یہ جگہ جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک رکھا' کبھی سفید نہیں ہوتی۔

Marfat.com

حضور ﷺ اپنے غلاموں کو جانتے ہیں

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اس پتھر کو پہچانتا ہوں جو مجھے بعثت سے قبل سلام کیا کرتا تھا۔

حضور سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا عقیدہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میری اُمت سے چار ہزار کو جنت میں داخل کرے گا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! زیادہ کیجئے! تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اور اس طرح اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کو اکٹھا کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوبکر! تیرے لیے کافی ہے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عمر! مجھے چھوڑ دے اور تجھے کیا ہے کہ وہ ہم سب کو جنت میں داخل کر دے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلاشبہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اپنی مخلوق کو ایک لپ میں ہی جنت میں داخل کر دے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عمر نے سچ کہا۔

اسلام میں تیسری عید کا تصور

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جمعوں میں سے کسی جمعہ میں فرمایا: اے گروہ مسلمانان! بے شک یہ وہ دن ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے عید بنایا ہے' پس تم غسل کرو اور تم پر مسواک کرنا بھی لازم ہے (یاد رہے جمعۃ المبارک کے دن غسل کرنا' نئے یا دھلے ہوئے کپڑے زیب تن کرنا' مسواک کرنا اور خوشبو استعمال کرنا مسنون ہے)۔

بے زبانوں کو معلوم ہے کہ آپ ﷺ آخری نبی ہیں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے والد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے گوہ والی حدیث روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کرام کے ساتھ ایک محفل میں تشریف فرما تھے کہ ایک دیہاتی قبیلہ بنی سلیم سے آیا' اس نے گوہ شکار کی ہوئی تھی اور اسے اپنی آستین میں لیے سفر پر جا رہا تھا' اس نے ایک جماعت دیکھی' اس نے کہا: یہ جماعت کس شخص پر (جمع) ہے؟ تو لوگوں نے کہا: اس شخص پر جس کا یہ گمان ہے کہ وہ نبی ہے' پس اس نے لوگوں کو چیرا' پھر رسول اللہ ﷺ کے سامنے آ کھڑا ہوا' اس نے کہا: اے محمد! عورتیں تجھ سے زیادہ جھوٹا والا لب ولہجہ نہیں رکھتیں اور میرے نزدیک آپ

Marfat.com

سے زیادہ بُرا بھی کوئی نہیں (معاذ اللہ!) اور اگر مجھے میری قوم جلد باز کے نام سے موسوم نہ کرتی تو میں آپ پر جلدی کرتا' پس آپ کو قتل کر دیتا اور میں آپ کی طرف سے تمام لوگوں کو خوش کر دیتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اسے قتل کر دوں! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ بردبار قریب ہے کہ نبی ہو جائے۔ پھر وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہوا' اس نے کہا: لات وعزیٰ کی قسم! میں آپ پر ایمان لایا' حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا تھا کہ اے دیہاتی! تجھے کس چیز نے مجبور کیا کہ تو یہ کہے؟ اور تو نے حق بات نہیں کہی اور نہ تو نے میری مجلس کی تکریم کی ہے۔ فرمایا: اور تو مجھ سے اللہ کے رسول کو حقیر سمجھتے ہوئے یہ بات کہہ رہا ہے' لات وعزیٰ کی قسم! میں آپ پر ایمان لاؤں گا' اگر یہ گوہ آپ پر ایمان لائے۔ سو اس نے اپنی آستین سے گوہ نکالی اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے ڈال دی اور کہا: اگر یہ گوہ آپ پر ایمان لے آئے تو میں بھی آپ پر ایمان لے آؤں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے گوہ! تو گوہ نے عربی زبان میں کلام کیا جسے تمام لوگوں نے سمجھا۔ (اس نے کہا:) اے رب العالمین کے رسول! میں حاضر ہوں اور تعمیل حکم کے لیے تیار ہوں' اے تمام جہانوں کے رب کے رسول! رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا: تُو کس کی عبادت کرتی ہے؟ اس نے کہا: اس ذات کی جس کا عرش آسمان میں ہے اور جس کی بادشاہی زمین میں ہے اور جس کا راستہ سمندر میں ہے اور جنت میں جس کی رحمت ہے اور دوزخ میں جس کا عذاب ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے گوہ! میں کون ہوں؟ اس نے کہا: آپ تمام جہانوں کے رب کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں' بلاشبہ وہ کامیاب ہو گیا جس نے آپ کی تصدیق کی اور بلاشبہ وہ نامراد ہوا جس نے آپ کی تکذیب کی۔ اس اعرابی نے پڑھا: لا الہ الا اللہ وانت رسول اللہ حقًا (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور آپ اللہ تعالیٰ کے برحق رسول ہیں)۔ اللہ کی قسم! میں آپ کے پاس آیا تو روئے زمین پر آپ سے بڑھ کر میرے نزدیک ناپسندیدہ کوئی نہ تھا اور اللہ کی قسم! اب میرے نزدیک آپ میری جان اور میرے والدین سے بھی زیادہ مجھے محبوب ہیں۔ بلاشبہ میرے بال' میرا جسم' میرا اندر' میرا باہر' میری پوشیدگی اور ظاہری حالت آپ پر ایمان لائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے تجھے اس دین کی ہدایت عطا فرمائی جس نے بلند ہی ہونا ہے' اس پر کسی نے بلند نہیں ہونا' اللہ تعالیٰ اس کو بغیر نماز کے قبول نہیں فرماتا اور نماز کو بغیر قرآن کے قبول نہیں فرماتا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے الحمد للہ (یعنی سورۂ فاتحہ) اور قل ھو اللہ احد سکھائی' اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں نے ایسا کلام نہ نثر میں سنا اور نہ اشعار کی صورت میں جو اس سے زیادہ حسین ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ تمام جہانوں کے رب کا کلام ہے اور یہ شعر نہیں ہے اور جب تو نے ایک دفعہ کہا: قل ھو اللہ احد تو گویا تُو نے تہائی قرآن پڑھ

Marfat.com

لیا اور جب تو نے دو مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھا تو گویا تُو نے دو تہائی قرآن پڑھ لیا اور جب تو نے تین مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھا تو گویا تُو نے پورا قرآن پڑھ لیا۔ اس دیہاتی نے عرض کیا: ہمارا معبود بہترین معبود ہے' تھوڑا قبول فرماتا ہے اور زیادہ عطا فرماتا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اعرابی کو کچھ دو! تو اسے دیا گیا حتیٰ کہ اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا گیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اُٹھے' انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا ارادہ ہے کہ میں اسے اللہ کی ذات کا قرب حاصل کرنے کے لیے اونٹنی دوں جو بختی سے کم اور اعرابی سے اوپر ہے اور وہ دس ماہ کی (حاملہ) ہوگی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے جن صفتوں والی (اونٹنی) بیان کی وہ تو نے دے دی اور میں تجھے اس (اونٹنی) کا وصف بتاتا ہوں جو تجھے اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا' تو انہوں (حضرت عبدالرحمٰن) نے عرض کیا: ٹھیک ہے (بیان فرمائیے!) آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے کشادہ موتیوں والی اونٹنی ہے' اس کے پاؤں سبز زبرجد کے ہیں اور اس کی گردن زرد زبرجد کی ہے' اس پر پالان ہے اور پالان پر سندس اور استبرق (باریک اور موٹا ریشم) لگے ہیں' تُو پل صراط پر اس کے ذریعے اُچکنے والی بجلی کی طرح گزرے گا۔ وہ اعرابی رسول اللہ ﷺ کے پاس سے نکلا تو اس کو ایک ہزار اعرابی' ایک ہزار سواریوں پر ایک ہزار نیزوں اور تلواروں کے ساتھ ملے۔ اس نے ان سے کہا: تم کہاں کا ارادہ رکھتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم اس شخص سے جنگ کرنے جا رہے ہیں جو جھوٹ بولتا ہے اور اس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے۔ اس اعرابی نے کہا: ''اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ و اشھد محمدًا رسول اللہ'' انہوں نے اس سے کہا: تُو صابی ہو گیا' اس نے بتایا کہ میں صابی نہیں ہوا اور انہیں اپنا واقعہ بیان کیا تو ان سب نے کہا: لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ یہ بات نبی اکرم ﷺ تک پہنچی تو آپ نے ان سے ایک چادر میں ملاقات کی تو وہ اپنی سواریوں سے نیچے اترے اور آپ کو چومنے لگے' وہ کہنے لگے: لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللہ' اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! آپ ہمیں اپنا حکم سنائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: تم خالد بن ولید کے جھنڈے تلے داخل ہو جاؤ! فرمایا: اہل عرب سے کوئی اکٹھے ایک ہزار کی تعداد میں ایمان نہیں لایا سوائے قبیلہ بنو سلیم کے۔

حضور ﷺ اپنی تعریف سننے کو پسند کرتے ہیں

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسان بن ثابت سے فرمایا: تم مشرکین کی ہجو کرو کیونکہ جبریل تمہارے ساتھ ہیں۔

آپ ﷺ کو غیب کا علم ہے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ اُمت ختم نہیں ہوگی حتیٰ کہ اس میں تیس

جھوٹے دجال نکلیں گے' ہر ایک کا گمان ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے حوضِ کوثر پر منافقوں کو نہیں آنے دیں گے

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے علی! قیامت کے دن تیرے پاس جنتی عصاؤں میں سے ایک عصا ہوگا' جس کے ساتھ تُو منافقوں کو میرے حوض سے دور کرے گا۔

حضور ﷺ کے اختیارات

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھے اپنی داڑھی کے درمیان اور اپنے دو پاؤں کے درمیان والی چیز (یعنی زبان اور شرمگاہ) کی ضمانت دے' میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ کا حضور ﷺ کی چادر کو چومنا

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں ایک ایسے گھر میں آئے جو لوگوں سے بھرا پڑا تھا تو وہ دروازے پر ہی کھڑے ہوگئے نبی اکرم ﷺ نے دائیں بائیں دیکھا تو آپ کو کوئی جگہ (بیٹھنے کے لیے خالی) نظر نہ آئی تو نبی اکرم ﷺ نے اپنی چادر مبارک لپیٹ کر ان کی طرف پھینک دی' پھر فرمایا: جریر! اس پر بیٹھ جا! حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے اس چادر مبارک کو لے لیا' اسے اپنے (سینے کے) ساتھ لگایا اور اسے بوسہ دیا' پھر نبی اکرم ﷺ کو واپس کر دی' عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کا اسی طرح اکرام فرمائے جیسے آپ نے میرا اکرام کیا' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے پاس قوم کا کوئی معزز آدمی آئے تو اس کی عزت کیا کرو۔

علماءِ کرام کی فضیلت اور مقام و مرتبہ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن علماء کو جمع کرے گا' پھر فرمائے گا: اے علماء کے گروہ! میں نے تم میں علم اس لیے نہیں رکھا تھا کہ میں تمہیں عذاب دینے کا ارادہ کروں' جاؤ! بلاشبہ میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔

حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کی فضیلت

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا ختم نہیں ہوگی حتیٰ کہ میرے اہل بیت کا ایک فرد بادشاہ بنے گا' اس کا نام میرے نام کے ساتھ موافق ہوگا' وہ زمین کو عدل سے بھر دے گا اور انصاف سے جس

Marfat.com

طرح وہ ناانصافی اور ظلم سے بھری ہوگی۔

ندیاں ہیں پنجابِ رحمت واہ واہ!

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ پانی ناپید ہوگیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک برتن منگوایا' پس اس میں اپنا ہاتھ مبارک رکھا تو تحقیق میں نے دیکھا کہ پانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک انگلیوں سے اُبل رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

1- کتاب الایمان

ایمان کے احکام ومسائل

1 - حَدَّثَنَا اَحۡمَدُ بۡنُ عَبۡدِ الۡقَاهِرِ بۡنِ الۡعَنۡبَرِيِّ اللَّخۡمِيُّ الدِّمَشۡقِيُّ نَزِيلٌ بِدِمَشۡقَ سَنَةَ تِسۡعٍ وَسَبۡعِينَ وَمِائَتَيۡنِ ، حَدَّثَنَا مُنَبِّهُ بۡنُ عُثۡمَانَ، حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بۡنُ عَبۡدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا الۡوَضِينُ بۡنُ عَطَاءٍ، عَنۡ مَحۡفُوظِ بۡنِ عَلۡقَمَةَ، عَنۡ عَبۡدِ الرَّحۡمٰنِ بۡنِ عَائِذٍ الۡاَزۡدِيِّ، عَنِ ابۡنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اَشۡرَفُ الۡإِيمَانِ اَنۡ يَاۡمَنَكَ النَّاسُ، وَاَشۡرَفُ الۡإِسۡلَامِ اَنۡ يَسۡلَمَ النَّاسُ مِنۡ لِسَانِكَ وَيَدِكَ ، وَاَشۡرَفُ الۡهِجۡرَةِ اَنۡ تَهۡجُرَ السَّيِّئَاتِ ، وَاَشۡرَفُ الۡجِهَادِ اَنۡ تُقۡتَلَ وَتُعۡقَرَ فَرَسُكَ

لَمۡ يَرۡوِهِ عَنِ الۡوَضِينِ اِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُنَبِّهُ بۡنُ عُثۡمَانَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: معزز ترین ایمان یہ ہے کہ لوگ تجھ کو امین سمجھیں' اور معزز ترین اسلام یہ ہے کہ لوگ تیری زبان اور ہاتھ سے محفوظ رہیں' اور معزز ترین ہجرت یہ ہے کہ تُو بُرائیوں کو چھوڑ دے' اور معزز ترین جہاد یہ ہے کہ تُو (راہِ خدا میں) قتل کیا جائے اور تُو اپنا گھوڑا بھی ذبح کر ڈالے۔

اس روایت کو حضرت وضین سے حضرت صدقہ (بن عبداللہ) کے سوا کسی نے بھی روایت نہیں کیا۔ حضرت منبہ بن عثمان اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

1- الجهاد لابن ابی عاصم جلد 2صفحه574' رقم الحديث: 223 ۔ مسند الشاميين للطبرانی جلد 1 صفحه378' رقم الحديث:655 ۔

2 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی مُوسَی الْاَنْطَاكِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْلٍ الْاَنْطَاكِیُّ، حَدَّثَنَا عِیسَی بْنُ یُونُسَ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ یَحْیَی، وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اِنَّ لِكُلِّ دِینٍ خُلُقًا ، وَخُلُقُ الْاِسْلَامِ الْحَیَاءُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ ہر دین کے لیے ایک خلق ہے اور اسلام کا خلق حیاء ہے۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا عِیسَی بْنُ یُونُسَ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ سَهْلٍ

اس حدیث کو حضرت مالک سے حضرت عیسیٰ بن یونس کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن سہل اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

3 - حَدَّثَنَا اَبُو الدَّحْدَاحِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ

حضرت خلید بن دعلج کہتے ہیں کہ ہم سے حضرت

2- سنن ابن ماجه جلد 2صفحه1399' رقم الحديث: 4181 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه421' رقم الحديث: 2877 . مسند أبى يعلى الموصلى جلد 6 صفحه 269' رقم الحديث: 3573 . مكارم الأخلاق للخرائطى جلد 1صفحه109' رقم الحديث: 301 . المعجم الأوسط جلد2صفحه210' رقم الحديث: 1758 . مسند الشهاب القضاعى جلد 2صفحه122' رقم الحديث: 1018 . شعب الايمان جلد 10صفحه156-155' رقم الحديث: 7318-7316 . مكارم الأخلاق لابن أبى الدنيا جلد1صفحه41' رقم الحديث:98 .

3- تفسير ابن أبى حاتم جلد2صفحه594' رقم الحديث:3179 . سنن الترمذى جلد 5صفحه226' رقم الحديث:3000 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه62' رقم الحديث: 176 . مسند أبى داؤد الطيالسى جلد 2صفحه455' رقم الحديث: 1232 . مصنف عبد الرزاق الصنعانى جلد 10صفحه152' رقم الحديث: 18663 . مسند الحميدى جلد 2صفحه154' رقم الحديث: 932 . مصنف ابن أبى شيبة جلد7صفحه554' رقم الحديث: 37892 . السنة لعبد اللّٰه بن أحمد جلد 2صفحه643' رقم الحديث: 1546-1545-1544' مسند أحمد جلد36صفحه469' رقم الحديث: 22151 . السنة لابن أبى عاصم جلد 1صفحه35' رقم الحديث: 68 . السنة للمروزى جلد 1صفحه22' رقم الحديث: 56 . مسند

بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْعُذْرِيُّ الدِّمَشْقِيُّ بِدِمَشْقَ ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَامِرٍ اَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، حَدَّثَنَا اَبُو غَالِبٍ قَالَ : جِيءَ بِرُئُوسِ الْخَوَارِجِ ، فَنُصِبَتْ عَلَى دَرَجِ مَسْجِدِ دِمَشْقَ ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَنْظُرُونَ اِلَيْهَا ، وَخَرَجْتُ اَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهَا ، فَجَاءَ اَبُو اُمَامَةَ عَلَى حِمَارٍ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ سُنْبُلَانِيٌّ ، فَنَظَرَ اِلَيْهِمْ ، فَقَالَ : مَا صَنَعَ الشَّيْطَانُ بِهَذِهِ الْاُمَّةِ؟ يَقُولُهَا ثَلَاثًا شَرُّ قَتْلَى تَحْتَ ظِلِّ السَّمَاءِ هَؤُلَاءِ ، خَيْرُ قَتْلَى تَحْتَ ظِلِّ السَّمَاءِ مَنْ قَتَلَهُ هَؤُلَاءِ ، هَؤُلَاءِ كِلَابُ النَّارِ يَقُولُهَا ثَلَاثًا ثُمَّ بَكَى ، ثُمَّ انْصَرَفَ قَالَ اَبُو غَالِبٍ : فَاتَّبَعْتُهُ ، فَقُلْتُ : سَمِعْتُكَ تَقُولُ قَوْلًا قَبْلُ ، فَاَنْتَ قُلْتَهُ؟ فَقَالَ : سُبْحَانَ اللّٰهِ ، اِنِّي اِذًا لَجَرِيءٌ ، بَلْ

ابوغالب نے حدیث بیان کی' انہوں نے فرمایا کہ خارجیوں کے سرلائے گئے' پس جامعہ مسجد دمشق کی سیڑھی پر رکھ دیئے گئے' سولوگ اسے دیکھنے کے لیے آنے لگے اور میں بھی اس کو دیکھنے کے لیے نکلا' پس حضرت ابوامامہ گدھے پر سوار ہوکر تشریف لائے اور وہ سنبلانی قمیص پہنے ہوئے تھے' سوانہوں نے ان کی طرف دیکھا تو فرمایا: شیطان نے اس اُمت کے ساتھ یہ کیا کیا؟ یہ بات انہوں نے تین دفعہ فرمائی۔ (پھر فرمایا:) آسمان کے سائے کے نیچے یہ بدترین مقتول ہیں' بہترین مقتول آسمان کے سائے کے نیچے وہ ہیں جنہوں نے ان کو قتل کیا' یہ دوزخی کتے ہیں' یہ آپ نے تین دفعہ فرمایا' پھر آپ رو پڑے' پھر واپس لوٹ گئے۔ حضرت ابوغالب نے کہا: میں ان کے پیچھے چلا تو میں نے (ان سے) عرض کی: میں نے کچھ دیر پہلے یہ بات فرماتے سنا۔ آپ نے یوں

الرویانی جلد 2صفحہ270' رقم الحدیث: 1177 . شرح مشکل الآثار جلد 6صفحہ338' رقم الحدیث: 2519 . الشریعة للآجری جلد 1صفحہ364' رقم الحدیث: 60-59-58 . المعجم الأوسط جلد7صفحہ175' رقم الحدیث: 7660-7202 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 8صفحہ248-212-121' رقم الحدیث: 7974-7857-7553 . مسند الشامیین للطبرانی جلد 2صفحہ248' رقم الحدیث: 1279 . معجم ابن المقرئ جلد 1صفحہ124-85' رقم الحدیث: 327-179 . المستدرك علی الصحیحین للحاکم جلد 2صفحہ163' رقم الحدیث: 2654 . شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة جلد 1صفحہ115' رقم الحدیث: 152 . السنن الکبری للبیهقی جلد 8صفحہ325' رقم الحدیث: 16783-16782 . معرفة السنن والآثار جلد 12 صفحہ 231' رقم الحدیث: 16535 . المطالب العالیة جلد 3صفحہ697' رقم الحدیث: 408' طبقات المحدثین جلد 2صفحہ152' تاریخ أصبهان جلد2صفحہ297 .

Marfat.com

سَمِعْتُ ذٰلِكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا ، فَقُلْتُ لَهُ : رَأَيْتُكَ بَكَيْتَ ، فَقَالَ : رَحْمَةً لَهُمْ كَانُوا مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ مَرَّةً ، ثُمَّ قَالَ لِي : أَمَا تَقْرَأُ؟ قُلْتُ : بَلَى قَالَ : فَاقْرَأْ مِنْ آلِ عِمْرَانَ ، فَقَرَأْتُ ، فَقَالَ : أَمَا تَسْمَعُ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ : (فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ) (آل عمران : 7) كَانَ فِي قُلُوبِ هٰؤُلَاءِ زَيْغٌ ، فَزِيغَ بِهِمْ ، اقْرَأْ عِنْدَ رَأْسِ الْمِائَةِ ، فَقَرَأْتُ حَتّٰى إِذَا بَلَغْتُ : (يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ) (آل عمران: 106) ، فَقُلْتُ : يَا أَبَا أُمَامَةَ ، أَهُمْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ : نَعَمْ هُمْ هٰؤُلَاءِ

فرمایا: سبحان اللہ! بے شک میں تو اس وقت بڑا جرأت والا ہوں (کہ ایسی بات ازخود کہوں) بلکہ میں نے یہ رسول اللہ ﷺ سے کئی مرتبہ سنا تو میں نے ان سے عرض کی: میں نے آپ کو روتا ہوا دیکھا' تو انہوں نے فرمایا: ان پر رحم کھاتے ہوئے۔ ایک مرتبہ وہ اہل اسلام سے تھے' پھر مجھے فرمایا: کیا تم قرآن پڑھتے ہو؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں! فرمایا: سورۂ آل عمران سے پڑھو! میں نے پڑھی تو فرمایا: کیا تو نے اللہ عزوجل کا یہ فرمان نہیں سنا: "فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ" (وہ جن کے دلوں میں کجی ہے' وہ اشتباہ والی کے پیچھے پڑتے ہیں) ان لوگوں کے دلوں میں ٹیڑھا پن تھا' سو اس نے انہیں ٹیڑھا بنا دیا۔ سو آیتوں کے آخر سے پڑھو' سو میں نے پڑھی حتیٰ کہ جب میں پہنچا: "يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ" (جس دن کچھ چہرے سفید ہوں گے اور کچھ چہرے کالے تو وہ جن کے چہرے کالے ہوں گے' کیا تم ایمان لا کر کافر ہوئے) تو میں نے عرض کی: اے ابوامامہ! کیا یہ وہی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں! یہ وہی ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خُلَيْدِ بْنِ دَعْلَجٍ إِلَّا ابْنُ الْوَلِيدِ

اس حدیث کو خلید بن دعلج سے ابن ولید کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

4 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْحَرِيشِ الْأَهْوَازِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ،

حضرت شعبی' حضرت عروہ بن مضرس الطائی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد

4- المعجم الأوسط جلد 2صفحه352 . معجم الصحابة لابن قانع جلد 2صفحه264 . الشيوخ لابن جميع الصيداوى جلد 1 صفحه299 .

Marfat.com

عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ الطَّائِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

فرمایا: آدمی (بروزِ قیامت) اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ (اس دنیا میں) محبت کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

حضرت ابن ابی خالد سے حضرت عمران بن عیینہ کے سوا کسی نے یہ حدیث روایت نہیں کی۔

5 - وَبِهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

اور اسی سند کے ساتھ یہ روایت بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

6 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مَابِهْرَامَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْاِيذَجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا هَانِءُ بْنُ يَحْيَى السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْجَفْرِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَمَّا كَلَّمَ اللّٰهُ مُوسَى كَانَ يُبْصِرُ دَبِيبَ النَّمْلِ عَلَى الصَّفَا فِي اللَّيْلَةِ الظَّلْمَاءِ مِن مَسِيرَةِ عَشَرَةِ فَرَاسِخَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تو وہ اندھیری رات میں چٹان پر دس فرسخ کے فاصلے سے چیونٹی کے چلنے کو دیکھ رہے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ جَعْفَرٍ تَفَرَّدَ بِهِ هَانِءُ بْنُ يَحْيَى

حضرت قتادہ سے اس حدیث کو حضرت حسن بن جعفر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ حضرت ھانی بن جعفر اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

فائدہ: ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے تو دس فرسخ کا فاصلہ تیس میل بنتا ہے۔ تجلیٔ الٰہی کو دیکھنے سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بینائی میں بے پناہ اضافہ ہو گیا تھا تو امام الانبیاء ﷺ نے شبِ معراج میں دیدارِ الٰہی کا اعزاز حاصل کیا تو آپ یقیناً اپنے ہر اُمتی کو ملاحظہ فرما رہے ہیں۔

5- فوائد تمام جلد2صفحه200' رقم الحديث:1524 . مسند الشهاب القضاعي جلد1صفحه331 .

Marfat.com

7 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ اَبُو مُوسَى السُّوسِيُّ بِبَغْدَادَ ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَارِثِيُّ ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ الْبَصْرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ذَنْبٌ لَا يُغْفَرُ ، وَذَنْبٌ لَا يُتْرَكُ ، وَذَنْبٌ يُغْفَرُ ، فَاَمَّا الذَّنْبُ الَّذِي لَا يُغْفَرُ فَالْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ ، وَاَمَّا الذَّنْبُ الَّذِي لَا يُتْرَكُ فَظُلْمُ الْعِبَادِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا ، وَاَمَّا الذَّنْبُ الَّذِي يُغْفَرُ فَذَنْبُ الْعَبْدِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ تَعَالَى

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک گناہ ایسا ہے جو بخشا نہیں جاتا اور ایک گناہ ایسا ہے جو چھوڑا نہیں جاتا' ایک وہ گناہ ہے جو بخشا جاتا ہے' پس وہ گناہ جو بخشا نہیں جاتا اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ہے' اور وہ گناہ جو چھوڑا نہیں جاتا وہ بندوں کا ایک دوسرے پر ظلم کرنا ہے' اور وہ گناہ جو بخش دیا جاتا ہے وہ بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کا معاملہ ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ سُفْيَانَ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الرَّبِيعِ

اس حدیث کو سلیمان التیمی سے یزید بن سفیان کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابوالربیع اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

8 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ نَصْرٍ الْحَذَّاءُ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، حَدَّثَنَا اُنَيْسُ بْنُ سَوَّارٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهُ اَنْ يَخْلُقَ النَّسَمَةَ ، فَجَامَعَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ طَارَ مَاؤُهُ فِي كُلِّ عِرْقٍ وَعَصَبٍ مِنْهَا ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ السَّابِعِ اَحْضَرَ

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ جل ذکرہٗ کسی جان کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو مرد اپنی عورت کے ساتھ ہمبستری کرتا ہے تو اس کا پانی اس کی ہر رگ اور ہر پٹھے سے اُڑ جاتا ہے' پھر جب ساتواں دن ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر رگ کو اس کے اور حضرت آدم علیہ السلام کے درمیان حاضر کر دیتا ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت

7- المعجم الكبير للطبرانی جلد6صفحه252' رقم الحديث:6133 .

8- المعجم الأوسط جلد2صفحه170' رقم الحديث:1613 . التوحيد لابن منده جلد1صفحه232 . .

اللّٰہُ لَہُ کُلَّ عِرْقٍ بَیْنَہُ وَبَیْنَ آدَمَ، ثُمَّ قَرَاَ (فِی اَیِّ صُورَۃٍ مَا شَاءَ رَکَّبَکَ) (الانفطار: 8)

تلاوت کی: ''فِیْ اَیِّ صُوْرَۃٍ مَّاشَآءَ رَکَّبَکَ'' (اللہ تعالیٰ نے جس شکل میں چاہا تجھے بنا دیا)۔

لَا یُرْوَی عَنْ مَالِکِ بْنِ الْحُوَیْرِثِ اِلَّا بِھٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِہِ ابْنُ سَوَّارٍ

اس حدیث کو حضرت مالک بن حویرث سے صرف اسی اسناد کے ساتھ روایت کیا گیا۔ ابن سوار اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

9 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَوْفٍ الْمُعَدِّلُ الْبَغْدَادِیُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَۃَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِیُّ، حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِیفَۃَ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ الْوَالِبِیِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: اَخْوَفُ مَا اَخَافُ عَلَی اُمَّتِی: الِاسْتِسْقَاءُ بِالْاَنْوَاءِ، وَحَیْفُ السُّلْطَانِ، وَتَکْذِیبٌ بِالْقَدَرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: سب سے بڑی چیز جس کا مجھے اپنی اُمت پر خوف ہے وہ (ان کا) ستاروں سے پانی طلب کرنا ہے (یعنی ان کا یہ عقیدہ بن جائے گا کہ فلاں ستارے کی وجہ سے بارش ہوتی ہے) اور بادشاہ کے ظلم اور تقدیر کو جھٹلانا ہے۔

لَا یُرْوَی عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِھٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِہِ الْاَسَدِیُّ

اس اسناد کے ساتھ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے صرف یہی روایت بیان کی گئی۔ اسدی اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

10 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شُرَیْحٍ

حضرت ابوبردہ بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت

9- مسند أحمد جلد 34 صفحه 422' رقم الحديث: 20832 . السنة لابن أبي عاصم جلد 1 صفحه 124' رقم الحديث: 324 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد 13 صفحه 455' رقم الحديث: 7462 . المعجم الأوسط جلد 2 صفحه 238' رقم الحديث: 1852 . المعجم الكبير للطبراني جلد 2 صفحه 208' رقم الحديث: 1853 . القضاء والقدر للبيهقي جلد 1 صفحه 285' رقم الحديث: 423 . المطالب العالية جلد 5 صفحه 126' رقم الحديث: 749 .

10- صحيح البخاري جلد 1 صفحه 31' رقم الحديث: 97-2544-2547 . صحيح مسلم جلد 1 صفحه 135' رقم الحديث: 154 . سنن أبي داؤد جلد 2 صفحه 221' رقم الحديث: 2053 . سنن الترمذی

Marfat.com

الْقَاضِي اَبُو الْعَبَّاسِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ
حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا سُورَةُ بْنُ الْحَكَمِ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا
عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ

کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے
ارشاد فرمایا: تین لوگ ایسے ہیں جن کو دُہرا اجر دیا جائے گا:
ایک وہ آدمی جو اہل کتاب سے ہے وہ اپنے نبی (علیہ

جلد3صفحہ416' رقم الحدیث: 1116 ۔ سنن النسائی جلد 6صفحہ115' رقم الحدیث: 3344-3345 ۔ سنن ابن ماجه جلد1صفحہ629' رقم الحدیث: 1956 ۔ مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 1صفحہ404' رقم الحدیث: 503-504 ۔ مصنف عبد الرزاق الصنعانی جلد 7صفحہ270' رقم الحدیث: 13111-13112 ۔ مسند الحمیدی جلد2صفحہ29' رقم الحدیث: 786 ۔ سنن سعید بن منصور جلد 1صفحہ263-264' رقم الحدیث: 913-914 ۔ مصنف ابن أبی شیبة جلد 3صفحہ118' رقم الحدیث: 12635 ۔ مسند أحمد جلد 32صفحہ299-333' رقم الحدیث: 19532-19564 ۔ سنن الدارمی جلد 3صفحہ1440' رقم الحدیث: 2290 ۔ الأدب المفرد جلد1صفحہ80-81' رقم الحدیث: 203-204 ۔ السنن الکبری للنسائی جلد 5صفحہ214' رقم الحدیث: 5476-5477 ۔ مسند أبی یعلی الموصلی جلد13صفحہ238' رقم الحدیث: 7256 ۔ مسند الرویانی جلد1صفحہ306-316-318' رقم الحدیث: 458-471-475 ۔ مستخرج أبی عوانة جلد 1صفحہ96-97' رقم الحدیث: 302-305-306 ۔ شرح مشکل الآثار جلد5صفحہ223-224-225' رقم الحدیث: 1968-1969-1973 ۔ مکارم الأخلاق للخرائطی جلد 1صفحہ172' رقم الحدیث: 520 ۔ معجم ابن الأعرابی جلد 2صفحہ434-655' رقم الحدیث: 830-1270 ۔ صحیح ابن حبان جلد1صفحہ463' رقم الحدیث: 227 ۔ المعجم الأوسط جلد 2صفحہ243' رقم الحدیث: 1868 ۔ الایمان لابن منده جلد 1صفحہ504-505' رقم الحدیث: 395-396-397 ۔ حلیة الأولیاء وطبقات الأصفیاء جلد7صفحہ331 ۔ أمالی ابن بشران جلد1صفحہ301' رقم الحدیث: 688 ۔ الآداب للبیهقی جلد 1صفحہ26' رقم الحدیث: 60-61 ۔ السنن الصغیر للبیهقی جلد 3صفحہ29' رقم الحدیث: 2404 ۔ السنن الکبری للبیهقی جلد7صفحہ207' رقم الحدیث: 13738-13739-13740 ۔ شعب الایمان جلد 11صفحہ98-99' رقم الحدیث: 8243-8244-8245 ۔ معرفة السنن والآثار جلد 10صفحہ60' رقم الحدیث: 13660 ۔ جامع بیان العلم وفضله جلد1صفحہ388' رقم الحدیث: 563 ۔

اَبِی بُرْدَةَ بْنِ اَبِی مُوسَی، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : ثَلَاثٌ یُؤْتَوْنَ اُجُورَهُمْ مَرَّتَیْنِ : رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ آمَنَ بِنَبِیِّهِ ثُمَّ اَدْرَكَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَآمَنَ بِهِ، وَرَجُلٌ كَانَتْ لَهُ اَمَةٌ فَاَعْتَقَهَا ثُمَّ تَزَوَّجَهَا، وَعَبْدٌ اتَّقَی اللّٰهَ وَاَطَاعَ مَوَالِیهِ

السلام) پر ایمان لایا پھر اس نے نبی اکرم ﷺ کو پایا تو آپ پر بھی ایمان لایا' دوسرا وہ آدمی جس کی لونڈی ہو تو وہ اس کو آزاد کر کے اس کے ساتھ نکاح کر لے اور تیسرا وہ غلام ہے جو اللہ تعالیٰ سے بھی ڈرے اور اپنے مالک کی بھی اطاعت کرے۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنِ ابْنِ حَبِیبٍ اِلَّا سَوْدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

اس حدیث کو ابن حبیب سے سودہ کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کیا۔ عباس بن محمد اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

11 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِیُّ، حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ مَیْمُونِ بْنِ مُوسَی الْمَرَئِیُّ، حَدَّثَنَا اَبِی، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ قُدَامَةَ قَالَ : هَاجَرَ اَبِی صَفْوَانُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ، فَبَایَعَهُ عَلَی الْاِسْلَامِ ، فَمَدَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدَهُ ، فَمَسَحَ عَلَیْهَا ، فَقَالَ صَفْوَانُ : اِنِّی اُحِبُّكَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

حضرت موسیٰ بن میمون المریٰ کہتے ہیں کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی از والد خود از جد خود' حضرت عبدالرحمٰن بن صفوان بن قدامہ کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت ابوصفوان رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کی طرف ہجرت کی اور آپ سے اسلام پر بیعت کی' پس نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک دراز کیا اور ان پر پھیرا۔ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپ سے محبت کرتا ہوں' تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: آدمی (بروزِ قیامت) اسی کے ساتھ ہوگا جس سے اس نے (دنیا میں) محبت کی (ہوگی)۔

لَا یُرْوَی عَنْ صَفْوَانَ بْنِ قُدَامَةَ اِلَّا بِهَذَا

حضرت صفوان بن قدامہ سے اس اسناد کے سوا

11- الآحاد والمثانی لابن ابی عاصم جلد 2صفحہ428' رقم الحدیث: 1221 . الکنیٰ والأسماء للدولابی جلد 2صفحہ752' رقم الحدیث: 1303 . المعجم الأوسط جلد 2صفحہ286' رقم الحدیث: 2001 . معجم الصحابة لابن قانع جلد2صفحہ144 . معرفة الصحابة لأبی نعیم جلد 4صفحہ1822' رقم الحدیث:4602 .

الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ مَیْمُوْنٍ

روایت نہیں کی گئی۔ ابن میمون اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

فائدہ: جس شخص نے دنیا میں شیطان کو خوش کرنے کے لیے کسی سے محبت کی ہوگی' بطورِ سزا اسے آخرت میں اس کے ساتھ ملایا جائے گا۔ اس کے برعکس جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے دنیا میں حضورِ اقدس ﷺ سے محبت کی ہوگی' اسے آخرت میں آپ کی رفاقت کا اعزاز حاصل ہوگا۔

12 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ الْوَسَاوِسِیُّ

حضرت مطر الوراق فرماتے ہیں کہ ہم سے حضرت

مسعود! میں نے عرض کیا: میں حاضر ہوں! یارسول اللہ! آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تجھے معلوم ہے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ افضل کون ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ بے شک لوگوں میں باعتبار عمل کے وہ افضل ہیں جو اپنے دین کی سمجھ رکھیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابن مسعود! میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں حاضر ہوں! آپ نے فرمایا: کیا تجھے معلوم ہے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ عالم کون ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں' فرمایا کہ بے شک لوگوں میں سب سے زیادہ عالم وہ ہے جو حق کی زیادہ بصیرت رکھتا ہے' جب لوگ باہم اختلاف کرنے لگیں' اگرچہ وہ اپنے عمل میں سستی کوتاہی کرنے والا ہو اور اگرچہ وہ اپنے آپ کو سرین کے بل گھسیٹ کر آئے اور تم سے پہلے لوگ بہتر (۷۲) فرقوں میں بٹ گئے' ان میں سے تین نے نجات پائی اور باقی سارے کے سارے ہلاک ہو گئے' ایک فرقہ ان میں سے وہ تھا جس نے بادشاہوں کے ساتھ جنگ کی اپنے دین اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے دین کے بارے' تو انہوں نے ان کو پکڑ کر قتل کر دیا اور ان کو آروں سے چیر دیا۔ ایک فرقہ وہ تھا جن کے اندر بادشاہوں سے لڑائی کی طاقت نہ تھی اور نہ ان میں یہ طاقت تھی کہ وہ انہیں اللہ کے دین کی طرف اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے دین کی طرف دعوت دے سکیں' سو وہ شہروں سے نکل گئے اور راہب بن گئے۔

یہ وہ لوگ ہیں جن کے بارے اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: ''وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ'' (اور راہب بننا تو یہ بات انہوں نے اپنی طرف سے نکالی ہم نے ان پر مقرر نہ کی تھی، ہاں یہ بدعت انہوں نے اللہ کی رضا چاہنے کو پیدا کی)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص مجھ پر ایمان لایا اور اس نے میری اتباع کی اور میری تصدیق کی تو اس نے رعایت کرنے کا حق ادا کر دیا جو رعایت کا حق تھا اور جس نے میری اتباع نہ کی تو وہی لوگ ہلاک ہونے والے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا عَقِيلٌ تَفَرَّدَ بِهِ الصَّعْقُ

ابن اسحاق سے عقیل کے سوا کسی نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا، صعق اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

فائدہ: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اللہ تعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے والہانہ عقیدت و محبت تھی، وہ بیان سے باہر ہے۔ وہ ہر معاملے میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خوش رکھتے تھے۔ اس روایت میں تین بار حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا تو ان کی طرف ''اللہ ورسولہ اعلم'' کا جواب دیا گیا جو کمال محبت کا مظہر ہے۔

37 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ كَاذِبَةٍ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی چیز پر جھوٹی قسم کھائی تاکہ اس کے ذریعے کسی مسلمان آدمی کا مال ہتھیا لے تو وہ قیامت کے دن اللہ عزوجل سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ اس پر غضب ناک ہوگا۔

37- المعجم الأوسط جلد4صفحه380، رقم الحديث: 4488 .

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى إِلَّا ابْنُ بَزِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى

یحییٰ سے اس حدیث کو ابن بزیع کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' یحییٰ اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

فائدہ: اس روایت میں جھوٹی قسم کھانے کی وعید و مذمت بیان ہوئی ہے۔ جھوٹی قسم کھانے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو جاتا ہے۔

38 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْعَثِ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا أَصْرَمُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ وَاصِلٍ الضَّبِّيُّ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: أَتَى الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَتَيْتُ قَوْمًا يَتَحَدَّثُونَ، فَلَمَّا رَأَوْنِي سَكَتُوا، وَمَا ذَاكَ إِلَّا أَنَّهُمْ يَسْتَثْقِلُونِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: قَدْ فَعَلُوهَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ: لَا يُؤْمِنُ أَحَدُهُمْ حَتَّى يُحِبَّكُمْ بِحُبِّي، أَيَرْجُونَ أَنْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِي وَلَا يَرْجُونَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو عرض کیا: یارسول اللہ! میں ایک جماعت کے پاس گیا جو باہم گفتگو کر رہے تھے' سو جب انہوں نے مجھے دیکھا تو خاموش ہو گئے' ایسا انہوں نے اس لیے کیا کہ وہ مجھے (اپنے آپ پر) بھاری سمجھنے لگے تھے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا واقعی انہوں نے ایسا کیا ہے؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ان میں سے کوئی ایک بھی ایمان دار نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ میری وجہ سے تم سے محبت نہ کرے' کیا وہ یہ اُمید کرتے ہیں کہ وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے میری سفارش کے ذریعے اور وہ بنی عبدالمطلب سے کوئی اُمید نہیں رکھتے۔

لَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو الْأَشْعَثِ

حضرت عبداللہ بن جعفر سے سوائے اس اسناد کے روایت نہیں کی گئی اور ابواشعث اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

38- المعجم الأوسط جلد 5صفحه52' رقم الحديث: 4647 ـ المعجم الصغير للطبراني جلد 2صفحه206' رقم الحديث:1037 ـ المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد3صفحه657 .

39 - حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ الْعَبَّاسِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ : أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ : وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ : لَا يُؤْمِنُ رَجُلٌ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

حضرت حسن' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کوئی آدمی ہرگز ایمان دار نہیں ہوسکتا حتیٰ کہ وہ وہی چیز اپنے بھائی کے لیے بھی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

لَمْ يُدْخِلْ أَحَدٌ الْحَسَنَ بَيْنَ قَتَادَةَ وَأَنَسٍ إِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْهُ إِلَّا بَقِيَّةُ

سند روایت میں کسی ایک نے بھی حضرت حسن کو حضرت قتادہ اور حضرت انس کے درمیان داخل نہیں کیا سوائے سعید کے اور نہ ان سے سوائے بقیہ کے۔

40 - حَدَّثَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَعْقُوبَ الْقُرَشِيُّ الْقَيْصَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کیا گیا: یارسول اللہ! کون سا اسلام افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی زبان اور جس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ

39- صحيح البخاری جلد1صفحه12' رقم الحديث: 16-15-13 . صحيح مسلم جلد 1صفحه68' رقم الحديث: 45 . سنن الترمذی جلد 4صفحه667' رقم الحديث: 2515 . سنن النسائی جلد 8صفحه94' رقم الحديث: 4987 . سنن ابن ماجه جلد2صفحه1338' رقم الحديث: 4033 . جامع معمر بن راشد جلد 11 صفحه 200' رقم الحديث: 20320 . احاديث اسماعيل بن جعفر جلد 1صفحه203' رقم الحديث: 105 . الزهد والرقائق لابن المبارك جلد 1صفحه236' رقم الحديث: 677 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد 3 صفحه 465' رقم الحديث: 2071 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 7صفحه134' رقم الحديث:34765 . السنة لعبد الله بن احمد جلد 1صفحه353' رقم الحديث: 759 . مسند أحمد جلد 19صفحه61' رقم الحديث: 12002 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1801' رقم الحديث: 2783 . السنن الكبرى للنسائی جلد 10 صفحه 363' رقم الحديث: 11707 . مسند أبی يعلى الموصلی جلد5صفحه194' رقم الحديث:2813 .

40- صحيح مسلم جلد 1صفحه65' رقم الحديث: 41 . سنن الترمذی جلد 2صفحه229' رقم الحديث:

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ : قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ : اَیُّ الْإِسْلَامِ اَفْضَلُ؟ قَالَ : مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ قِيلَ : فَاَیُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ : اَنْ تَهْجُرَ مَا كَرِهَ رَبُّكَ قِيلَ : فَاَیُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ : مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ وَاُهْرِيقَ دَمُهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا الْفِرْيَابِیُّ وَاَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِیُّ

رہیں۔عرض کیا گیا: کون سی ہجرت افضل ہے؟ فرمایا: یہ کہ تُو اس چیز کو چھوڑ دے جسے تیرا رب ناپسند کرے۔عرض کیا گیا: کون سا جہاد افضل ہے؟ فرمایا: جس کے تیز رفتار عمدہ قسم کے گھوڑے کو ذبح کر دیا جائے اور جس کا خون بہا دیا جائے۔

اس حدیث کو حضرت مالک بن مغول سے فریابی اور ابوبکر حنفی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

41 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيرِينِیُّ، مِنْ وَلَدِ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْجَنَّةَ، وَخَلَقَ لَهَا اَهْلًا بِعَشَائِرِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا اور اس میں رہنے والے خاندانوں اور قبیلوں کو پیدا فرمایا' نہ تو ان میں زیادتی ہوگی اور نہ ان میں کمی ہوگی۔ایک آدمی نے عرض کیا: یارسول اللہ! پھر عمل کس لیے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمل کیا

387 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه456' رقم الحديث: 1421 . مسند أبي داؤد الطيالسي جلد3 صفحه329' رقم الحديث: 1886 . مصنف عبد الرزاق الصنعاني جلد3صفحه72' رقم الحديث: 4845 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه355' رقم الحديث: 2459 . الأدب لابن أبي شيبة جلد 1صفحه242' رقم الحديث: 218 . مصنف ابن أبي شيبة جلد6صفحه167' رقم الحديث: 30393 . مسند أحمد جلد22 صفحه 120 . سنن الدارمي جلد 3صفحه1781' رقم الحديث: 2754 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد4 صفحه 195' رقم الحديث: 2296 . صحيح ابن خزيمة جلد2صفحه186' رقم الحديث: 1155 . شرح معاني الآثار جلد1 صفحه299 . مكارم الأخلاق للخرائطي جلد1صفحه135' رقم الحديث: 392 .

41- الفوائد الشهير بالغيلانيات جلد 1صفحه634' رقم الحديث: 849 . المعجم الأوسط جلد 5صفحه134' رقم الحديث: 4878 . معجم ابن المقرئ جلد 1صفحه371' رقم الحديث: 1228 . التوحيد لابن منده جلد2 صفحه112' رقم الحديث: 252 . فوائد تمام جلد1صفحه56' رقم الحديث: 124 .

وَلَا يُزَادُ فِيهِمْ وَلَا يَنْقُصُ مِنْهُمْ ، فَقَالَ رَجُلٌ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ قَالَ : اعْمَلُوا فَكُلُّ امْرِءٍ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

کرو، ہر آدمی کے لیے وہی عمل آسان کر دیا گیا ہے جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا بَكَّارٌ

حضرت ابن عون سے بکار کے سوا کسی نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا۔

42 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَفَرَ بِآيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ فَقَدْ كَفَرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے قرآن مجید کی کسی ایک آیت کا بھی انکار کیا تو بلاشبہ وہ کافر ہو گیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا الْحَكَمُ تَفَرَّدَ بِهِ حَفْصٌ

حضرت عکرمہ سے حکم کے سوا اس حدیث کو کسی نے روایت نہیں کیا۔ حفص اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

فائدہ: قرآن کریم غیر متبدل آسمانی کتاب ہے جو اللہ تعالیٰ امام الانبیاء ﷺ پر نازل فرمائی اور اس کی حفاظت کی ذمہ داری بھی خود لی۔ اس کی ایک آیت کا انکار بلکہ ایک لفظ یا حرف کا انکار بھی کفر ہے۔ یہ روایت ان لوگوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے جو قرآن کے چالیس پارے قرار دیتے ہیں۔

43 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، اَنَّ اَبَا الْحُوَيْرِثِ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مُعَاوِيَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ نُعَيْمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجْمِرَ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ اَخْبَرَهُ : اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ : ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ فَقَدْ ذَاقَ طَعْمَ الْإِيمَانِ مَنْ كَانَ لَا شَيْءَ

حضرت نعیم بن عبداللہ مجمر کہتے ہیں کہ انہیں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس آدمی کے اندر تین عادتیں پائی جائیں، بے شک اس نے ایمان کی چاشنی کو پا لیا: جس آدمی کے نزدیک کوئی بھی چیز اللہ اور اس کے رسول سے زیادہ محبوب نہ ہو، وہ شخص جسے آگ میں جلا دیا جانا اس سے زیادہ محبوب ہو کہ وہ اپنے دین سے مرتد ہو جائے اور وہ شخص جو اللہ

43- صحیح البخاری جلد1 صفحہ12، رقم الحدیث: 16-15-13 . صحیح مسلم جلد1 صفحہ68 .

اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ ، وَمَنْ كَانَ لَاَنْ يُحْرَقَ بِالنَّارِ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَرْتَدَّ عَنْ دِيْنِهِ ، وَمَنْ كَانَ يُحِبُّ لِلّٰهِ وَيُبْغِضُ لِلّٰهِ

تعالیٰ کے لیے ہی دوستی رکھے اور اللہ تعالیٰ ہی (کی خوشنودی) کے لیے (کسی سے) بغض رکھے۔

لَمْ يَرْوِ نُعَيْمٌ عَنْ اَنَسٍ حَدِيْثًا غَيْرَ هٰذَا ، وَاِنَّمَا سُمِّيَ الْمُجَمِّرَ لِاَنَّهُ كَانَ يُجَمِّرُ قَبْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ، وَهُوَ مِنْ مَوَالِي عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي الْحُوَيْرِثِ اِلَّا مُوسَى تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ

نعیم نے حضرت انس سے اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث روایت نہیں کی اور ان کا نام مجمر اس وجہ سے ہے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی قبر انور کو دھونی دیتے تھے۔ یہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے غلاموں میں سے تھے اور اس حدیث کو ابوحویرث سے موسیٰ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن ابومریم اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

فائدہ: اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ کی رضاء وخوشنودی کے لیے کسی سے محبت و دشمنی بھی عبادت بن جاتی ہے۔

44 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَازِمٍ اَبُو الْجَهْمِ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ الْمُنْذِرِ بْنِ مَالِكٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : لَا يَمْنَعَنَّ اَحَدَكُمْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کسی ایک کو بھی لوگوں کی مصیبت حق کہنے سے نہ روکے جب وہ اسے دیکھ لے یا سن لے۔

44- صحیح مسلم جلد 3صفحه1361' رقم الحديث: 1738 . سنن أبي داؤد جلد 4صفحه124' رقم الحديث: 4344 . سنن الترمذي جلد 4صفحه471' رقم الحديث: 2174 . سنن ابن ماجه جلد 2صفحه1329' رقم الحديث: 4011 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه346' رقم الحديث: 20720 . الزهد والرقائق لابن المبارك جلد 1صفحه555' رقم الحديث: 1593 . مسند أبي داؤد الطيالسي جلد3صفحه609' رقم الحديث: 2265 .

هَيْبَةُ النَّاسِ اَنْ يَقُولَ الْحَقَّ اِذَا رَآهُ اَوْ سَمِعَهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ التَّيْمِيِّ اِلَّا عِيسَى

اس حدیث کو تیمی سے عیسیٰ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

45 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الرِّفَاعِيُّ الْاَصْفَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحُبْرَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْجَارُودِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَفْصِ بْنِ مَعْدَانَ، قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْكَلْبِيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : مَنْ مَاتَ وَهُوَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت عباس کلبی کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مرجائے اور وہ اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ حضرت محمد (ﷺ) اس کے رسول ہیں تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بَكْرٌ وَشَيْخٌ آخَرُ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ حَنَفِيٌّ

اس حدیث کو شعبہ سے بکر' ایک دوسرے شیخ اور بصرہ کے حنفی شیخ کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کیا۔

فائدہ: اس حدیث میں توحید ورسالت کو ان کی کلیدی حیثیت اور اہمیت کے پیش نظر بیان کیا گیا ہے جبکہ ان سے مراد تمام اسلامی عقائد وافکار ہیں۔ کسی ایک اسلامی عقیدے کا انکار سب عقائد کے انکار کے مترادف ہے۔

46 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّشِيطِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ اَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَرِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : خَمْسٌ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے پانچ کام اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان لاتے ہوئے کیے وہ جنت میں داخل ہوگا: جس شخص نے پانچ نمازوں کی ان کے وضوؤں کے رکوع اور ان کے سجود کے ساتھ محافظت کی' اپنے پاکیزہ

46- سنن أبی داؤد جلد 1 صفحه 116' رقم الحديث: 429 . معجم ابن الأعرابی جلد 1 صفحه 86' رقم الحديث: 130 . الشريعة للآجری جلد 2 صفحه 650' رقم الحديث: 274 .

مَنْ جَاءَ بِهِنَّ مَعَ إِيمَانٍ بِاللّٰهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ : مَنْ حَافَظَ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ عَلَى وُضُوئِهِنَّ وَرُكُوعِهِنَّ وَسُجُودِهِنَّ ، وَأَدَّى الزَّكَاةَ عَنْ مَالِهِ طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهُ ، وَحَجَّ الْبَيْتَ إِنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا ، وَصَامَ رَمَضَانَ ، وَأَدَّى الْأَمَانَةَ

مال کی خوش دلی سے زکوٰۃ ادا کی' طاقت ہونے پر بیت اللہ کا حج کیا' رمضان کے روزے رکھے اور امانت کو (اس کے اہل کی طرف) ادا کیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عِمْرَانُ تَفَرَّدَ بِهِ الْحَنَفِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

حضرت قتادہ سے اس حدیث کو عمران کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' اس حدیث کو روایت کرنے میں حنفی منفرد ہے۔ اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے سوائے اس اسناد کے یہ حدیث روایت نہیں کی گئی۔

47 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْهُزَالِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : السَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سعادت مند وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں سعادت مند (لکھا گیا) تھا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا حَمَّادٌ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

اس حدیث کو ہشام سے حماد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' عبدالرحمٰن اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

47- الشريعة للآجرى جلد2صفحه785' رقم الحديث: 366 . المعجم الأوسط جلد8صفحه223' رقم الحديث: 8465 . الابانة الكبرى لابن بطة جلد 4صفحه30' رقم الحديث: 1412 . شرح أصول اعتقاد أهل السنة جلد4صفحه658' رقم الحديث: 1054 . القضاء والقدر للبيهقي جلد 1صفحه156' رقم الحديث:107 .

48 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمَّادٍ اَبُو بِشْرٍ الدُّولَابِیُّ، بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اَبِی، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ، عَنْ عَطَّافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِیبِ بْنِ اَبِی ثَابِتٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ جَرِیرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیِّ: عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ: شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاِقَامُ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءُ الزَّكَاةِ، وَحَجُّ الْبَیْتِ، وَصَوْمُ رَمَضَانَ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں' نماز قائم کرنا' زکوٰۃ ادا کرنا' بیت اللہ کا حج کرنا اور ماہِ رمضان کے روزے رکھنا۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِیبٍ اِلَّا اَشْعَثُ وَسَوْرَةُ بْنُ الْحَكَمِ الْقَاضِی

حضرت عبداللہ بن حبیب سے اس حدیث کو اشعث اور سورہ بن حکم القاضی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

فائدہ: محدثین کرام نے اس روایت کو عقائد و اعمال اور اسلامی احکام و مسائل کی جامع حدیث قرار دیا ہے۔

49 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ الْبَغْدَادِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو مُصْعَبٍ اَحْمَدُ بْنُ اَبِی بَكْرِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ زُرَارَةَ بْنِ مُصْعَبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ الزُّهْرِیُّ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ سَعِیدٍ السَّعِیدِیُّ، عَنِ الْجُعَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: یَكُونُ فِی آخِرِ الزَّمَنِ قَوْمٌ یُكَذِّبُونَ بِالْقَدَرِ، اَلَا اُولٰئِكَ مَجُوسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ، فَاِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ، وَاِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آخر زمانے میں ایک قوم ہوگی' وہ تقدیر کو جھٹلائیں گے' سنو! یہی اس اُمت کے مجوسی ہیں' اگر وہ بیمار پڑ جائیں تو تم ان کی عیادت نہ کرنا اور اگر وہ مر جائیں تو تم ان کی نماز جنازہ میں شرکت نہ کرنا۔

48- مسند أحمد جلد 31 صفحه 550' رقم الحديث: 19220 ۔ مسند ابی یعلیٰ الموصلی جلد 13 صفحه 489' رقم الحديث: 7502 ۔ الشريعة للآجری جلد 2 صفحه 566' رقم الحديث: 204 ۔ المعجم الكبير للطبرانی جلد 2 صفحه 326' رقم الحديث: 2363 ۔ الابانة الكبرى لابن بطة جلد 2 صفحه 799' رقم الحديث: 1082 ۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْجُعَيْدِيِّ إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَدَنِيُّ تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو مُصْعَبٍ

اس حدیث کو جعیدی سے حکم بن سعید المدنی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' ابومصعب اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

50 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ أَبُو جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُزَكِّيهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ: أُشَيْمِطٌ زَانٍ، وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ، وَرَجُلٌ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ بِضَاعَةً فَلَا يَبِيعُ إِلَّا بِيَمِينِهِ وَلَا يَشْتَرِي إِلَّا بِيَمِينِهِ

حضرت سلمان الفارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کلام نہیں فرمائے گا' نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا: بوڑھا زانی' متکبر فقیر اور وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے ساز و سامان عطا کیا تو وہ اس کی خرید و فروخت قسم کھا کر کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا حَفْصٌ

اس حدیث کو عاصم سے حفص کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

51 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُسَيْنٍ الْأَبْهَرِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی نہ ہو' اللہ کی تقدیر پر ایمان نہ رکھتا ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ' کوئی اور معبود تلاش کر لے۔

50- المعجم الأوسط جلد 5صفحه367' رقم الحديث: 5577 . المعجم الكبير للطبراني جلد 6صفحه246' رقم الحديث: 6111 . شعب الايمان جلد6صفحه487' رقم الحديث: 4511 .

51- المعجم الأوسط جلد 7صفحه202' رقم الحديث: 7273 . شعب الايمان جلد 1صفحه377' رقم الحديث: 196 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه276 .

لَمْ يَرْضَ بِقَضَاءِ اللّٰهِ وَيُؤْمِنْ بِقَدْرِ اللّٰهِ فَلْيَلْتَمِسْ اِلٰهًا غَيْرَ اللّٰهِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا سُهَيْلٌ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى

اس حدیث کو خالد سے سہیل کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' محمد بن موسیٰ اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

52 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّائِبِ الْاَخْرَمُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِيَّاكُمْ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ؛ فَاِنَّ مَثَلَ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ كَمَثَلِ قَوْمٍ نَزَلُوا بِبَطْنِ وَادٍ، فَجَاءَ ذَا بِعُودٍ وَذَا بِعُودٍ حَتّٰى جَمَعُوا مَا اَنْضَجُوا بِهِ خُبْزَهُمْ، وَاِنَّ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ مَتٰى يُؤْخَذْ بِهَا صَاحِبُهَا تُهْلِكْهُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے آپ کو چھوٹے چھوٹے گناہوں سے بچاؤ کیونکہ چھوٹے گناہوں کی مثال اس قوم کی سی ہے جس نے وادی کے درمیان میں پڑاؤ کیا تو یہ آدمی بھی ایک لکڑی لے آیا اور دوسرا شخص بھی لکڑی لے آیا' حتیٰ کہ انہوں نے اتنی لکڑیاں اکٹھی کر لیں کہ (انہیں جلا کر) ان پر اپنی روٹی پکالی۔ بلاشبہ چھوٹے چھوٹے گناہوں والا جب ان کے سبب پکڑا جاتا ہے تو وہ (چھوٹے چھوٹے گناہ) اسے ہلاک کر دیتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا اَنَسٌ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْوَهَّابِ

حضرت ابوحازم سے حضرت انس کے علاوہ اس حدیث کو کسی نے روایت نہیں کیا' عبدالوہاب اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

53 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْوَشَّاءُ

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے

52- مسند احمد جلد 37صفحہ466' رقم الحدیث: 22808 . المعجم الأوسط جلد 7صفحہ219' رقم الحدیث: 7323 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 6صفحہ165' رقم الحدیث: 5872 . شعب الایمان جلد 9 صفحہ406' رقم الحدیث: 6881 . التوبۃ لابن أبی الدنیا جلد 1صفحہ61-31' رقم الحدیث:3-43 .

53- تاریخ اصبہان جلد2صفحہ276 .

الْاَصْبَهَانِيُّ، بِمَدِينَتِهَا ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَهْوَرٍ الْاَهْوَازِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ : رَاَيْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ عَلَى مِنْبَرِ الْكُوفَةِ وَهُوَ يَقُولُ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : لَا يَزْنِي الزَّانِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلَا يَنْتَهِبُ الرَّجُلُ نُهْبَةً يَرْفَعُ النَّاسُ اِلَيْهَا اَبْصَارَهُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، وَلَا يَشْرَبُ الرَّجُلُ الْخَمْرَ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ، فَقَالَ رَجُلٌ : يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، مَنْ زَنَا فَقَدْ كَفَرَ؟ فَقَالَ عَلِيٌّ : اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ نُبْهِمَ اَحَادِيثَ الرُّخَصِ : لَا يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ اَنَّ ذٰلِكَ الزِّنَا لَهُ حَلَالٌ ، فَاِنْ آمَنَ اَنَّهُ لَهُ حَلَالٌ فَقَدْ كَفَرَ ، وَلَا هُوَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ بِتِلْكَ السَّرِقَةِ اَنَّهَا لَهُ حَلَالٌ ، فَاِنْ آمَنَ بِهَا اَنَّهَا لَهُ حَلَالٌ فَقَدْ كَفَرَ ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ اَنَّهَا لَهُ حَلَالٌ ، فَاِنْ شَرِبَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ اَنَّهَا لَهُ حَلَالٌ فَقَدْ كَفَرَ ، وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً ذَاتَ شَرَفٍ حِينَ يَنْتَهِبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ اَنَّهَا لَهُ حَلَالٌ فَاِنِ انْتَهَبَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ اَنَّهَا لَهُ حَلَالٌ فَقَدْ كَفَرَ

حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو کوفہ کے منبر پر دیکھا اور وہ فرما رہے تھے: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: زانی بوقت زنا مؤمن نہیں رہتا' چور بوقت چوری مؤمن نہیں رہتا اور ڈاکو بوقت ڈاکہ زنی مؤمن نہیں رہتا اور نہ وہ جس کی طرف لوگ نظریں اُٹھا کر دیکھیں مؤمن رہتا ہے اور نہ شراب پینے والا آدمی بوقت شراب خوری مؤمن رہتا ہے۔ ایک آدمی نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! جس نے زنا کیا وہ کافر ہو گیا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک رسول اللہ ﷺ ہمیں اجازت والی حدیثوں کو مبہم رکھنے کا حکم فرماتے تھے۔ آدمی زنا نہیں کرتا ایمان کی حالت میں کہ زنا اس کے لیے حلال ہے' سو اگر اس نے ایمان کی حالت میں حلال سمجھتے ہوئے زنا کیا تو بے شک وہ کافر ہوا' اور نہ چور چوری کرتا ہے ایمان کی حالت میں کہ یہ اس کے لیے حلال ہے' اگر وہ حالت ایمان میں اسے حلال سمجھے تو بلاشبہ وہ کافر ہوا اور نہ شرابی شراب کو ایمان کی حالت میں حلال سمجھتا ہے' اگر وہ اس کو ایمان کی حالت میں حلال سمجھ کر پیتا ہے تو بلاشبہ وہ کافر ہوا اور نہ ڈاکہ ڈالنے والا ڈاکہ زنی کو ایمان کی حالت میں حلال سمجھتا ہے' اگر اس نے حالت ایمان میں اسے حلال سمجھا تو بلاشبہ وہ کافر ہوا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ الْكُوفِيُّ تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ جَهْوَرٍ ، وَلَمْ

اس حدیث کو شعبہ سے اسماعیل بن یحییٰ تیمی کوفی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' حسن بن جہور اس حدیث

نَكْتُبُهُ إِلَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْوَشَّاءِ

کو روایت کرنے میں منفرد ہے اور ہم اس حدیث کو محمد بن ابراہیم الوشاء کے سوا کسی سے نہیں لکھتے۔

54 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوبٍ الْعَسْكَرِيُّ الزَّعْفَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ رَاشِدٍ أَبُو مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ إِلَّا الْحَسَنُ، وَلَا عَنْهُ إِلَّا رَاشِدٌ تَفَرَّدَ بِهِ قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ بَدْرٍ

اس حدیث کو حضرت قیس بن عباد سے حضرت حسن کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور نہ ان سے سوائے راشد کے کسی نے روایت کیا۔ حضرت قیس بن حفص' حضرت ربیع بن بدر سے روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

فائدہ: اس روایت سے بیان حدیث میں بے احتیاطی کی وعید وسزا بیان کی گئی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ اس حدیث کو مضبوط ترین قرار دیتے ہیں۔

55 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَالَةَ الْجَوْهَرِيُّ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ رسول

54- صحيح البخارى جلد 1صفحه33' رقم الحديث: 106 . صحيح مسلم جلد 1صفحه9' رقم الحديث: 1 . سنن الترمذى جلد5صفحه35' رقم الحديث: 2660 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه13' رقم الحديث: 31 . مسند أبى داؤد الطيالسى جلد1صفحه104' رقم الحديث: 109 . مسند ابن الجعد جلد 1 صفحه129' رقم الحديث: 817 . مصنف ابن أبى شيبة جلد5صفحه295' رقم الحديث: 26246 . مسند أحمد جلد 2 صفحه448' رقم الحديث: 1336 . السنن الكبرى للنسائى جلد5صفحه393' رقم الحديث: 5880 .

55- صحيح البخارى جلد 2صفحه96' رقم الحديث: 1362 . صحيح مسلم جلد 4صفحه2040' رقم الحديث: 2647 . سنن أبى داؤد جلد 4صفحه222' رقم الحديث: 4694 . سنن الترمذى جلد4

الْبَصْرِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَیْلٍ الْیَامِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الرَّبِیعِ الْقِصْرِیُّ، حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ کِدَامٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ عَلِیٍّ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ فِی الْجَنَّةِ قَالَ: نَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ بِعُودٍ الْاَرْضَ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، وَقَالَ: مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ، اِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَكَانُهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، وَشَقِیَّةٌ اَوْ سَعِیدَةٌ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَدَعُ الْعَمَلَ؟ فَقَالَ: لَا، وَلٰكِنِ اعْمَلُوا، فَكُلٌّ مُیَسَّرٌ، اَمَّا اَهْلُ السَّعَادَةِ فَیُیَسَّرُونَ لِلسَّعَادَةِ، وَاَمَّا اَهْلُ الشَّقَاءِ فَیُیَسَّرُونَ لِلشَّقَاءِ، ثُمَّ قَرَاَ: (فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی)(اللیل:6) الْآیَتَیْنِ

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا اِسْحَاقُ

اللہ ﷺ نے جنگ بدر کے دن ایک لکڑی کے ساتھ زمین کو کریدا' پھر اپنا سرانور اوپر اُٹھایا اور فرمایا: کوئی بھی روح والی جاندار جان نہیں ہے مگر یہ کہ اس کا ٹھکانہ جنت یا جہنم میں لکھ دیا گیا ہے اور اس کا بدبخت ہونا یا سعادت مند ہونا (بھی لکھ دیا گیا ہے)۔ تو قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم عمل کرنا چھوڑ دیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! تم عمل کرو' ہر ایک کے لیے اس کا عمل آسان کر دیا گیا ہے' جو اہل سعادت ہیں ان کے لیے سعادت مندی کے عمل آسان کر دیئے گئے ہیں اور جو بدبخت ہیں ان کے لیے بدبختی والے عمل آسان کر دیئے گئے ہیں۔ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی'' (وہ جس نے دیا اور پرہیزگاری کی اور سب سے اچھی کو سچا جانا)۔

اس حدیث کو مسعر سے اسحاق کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

56 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مَلَاسٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

صفحہ 445' رقم الحدیث: 2136 . سنن ابن ماجہ جلد 1 صفحہ 30' رقم الحدیث: 78 . جامع معمر بن راشد جلد 11 صفحہ 115' رقم الحدیث: 20074 . مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 1 صفحہ 127' رقم الحدیث: 146 . مسند أحمد جلد 2 صفحہ 455' رقم الحدیث: 1349 . الأدب المفرد جلد 1 صفحہ 311' رقم الحدیث: 903 . الرد علی الجہمیۃ للدارمی جلد 1 صفحہ 151' رقم الحدیث: 271 . السنۃ لابن أبی عاصم جلد 1 صفحہ 83-75' رقم الحدیث: 189-171 .

56- تفسیر عبد الرزاق جلد 2 صفحہ 282' رقم الحدیث: 1527 . تفسیر ابن أبی حاتم جلد 3 صفحہ 879' رقم الحدیث: 4884 . مصنف عبد الرزاق الصنعانی جلد 1 صفحہ 452' رقم الحدیث: 1769 . اعتلال القلوب

الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، أَخْبَرَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي هَارُونَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي السَّمَاءِ مَلَكًا يُقَالُ لَهُ: إِسْمَاعِيلُ عَلَى سَبْعِينَ أَلْفِ مَلَكٍ، كُلُّ مَلَكٍ عَلَى سَبْعِينَ أَلْفِ مَلَكٍ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک آسمان میں ایک فرشتہ ہے جسے اسماعیل کہا جاتا ہے وہ ستر ہزار فرشتوں پر (امیر) ہے ہر فرشتہ (ان ستر ہزار میں سے پھر) ستر ہزار پر (امیر) ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مَزْيَدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الصَّنْعَانِيُّ

اس حدیث کو ابن شوذب سے ولید بن مزید اور محمد بن کثیر صنعانی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

57 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْوَرْدِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی آدمی بھی ایمان کی

للخرائطی جلد 1صفحه89' رقم الحديث: 167 . مساوئ الأخلاق للخرائطی جلد 1صفحه222' رقم الحديث: 459 . الشريعة للآجری جلد3صفحه1529' رقم الحديث: 1027 . المعجم الأوسط جلد7 صفحه 138' رقم الحديث: 7097 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد 2صفحه623' رقم الحديث: 4087 . صفة الجنة لأبی نعيم الأصبهانی جلد 2صفحه180' رقم الحديث: 339 . البعث والنشور للبيهقی جلد1صفحه143' رقم الحديث:183 .

57- تفسير ابن أبی حاتم جلد 3صفحه722' رقم الحديث: 3909 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 7صفحه132' رقم الحديث: 34754 . الزهد لأبی داؤد جلد 1صفحه320' رقم الحديث: 368 . مكارم الأخلاق للخرائطی جلد 1صفحه138' رقم الحديث: 405 . المعجم الأوسط جلد5صفحه378' رقم الحديث: 5613 . مسند الشهاب القضاعی جلد2صفحه66' رقم الحديث: 893 . شعب الايمان جلد7صفحه64' رقم الحديث: 4650 . الصمت لابن أبی الدنيا جلد 1صفحه53' رقم الحديث: 17 . الزهد لأحمد بن حنبل جلد 1 صفحه171' رقم الحديث:1165 . الزهد لابن أبی عاصم جلد 1صفحه27' رقم الحديث:28 .

الرُّوَاسِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبْلُغُ عَبْدٌ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتَّى يَخْزُنَ مِنْ لِسَانِهِ

حقیقت تک نہیں پہنچ سکتا حتیٰ کہ وہ اپنی زبان سے نہ ڈرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ هِلَالٍ تَفَرَّدَ بِهِ زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

اس حدیث کو ہشام بن حسان سے داؤد بن ہلال کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' زہیر بن عباد اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

58 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَتَاهُ يَهُودِيٌّ، فَقَالَ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، مَا الرُّوحُ؟ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا کہ ایک یہودی آیا' اس نے کہا: اے ابوالقاسم! روح کیا ہے؟ تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: "يَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي" (اے محبوب! لوگ آپ سے روح کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' تو آپ انہیں فرمادیں کہ روح میرے رب کا حکم ہے)۔

58- صحيح البخاری جلد 1 صفحه 37' رقم الحديث: 125 . صحيح مسلم جلد 4 صفحه 2152' رقم الحديث: 2794 . سنن الترمذی جلد 5 صفحه 304' رقم الحديث: 3141 . مسند ابن أبی شيبة جلد 1 صفحه 155' رقم الحديث: 215 . مسند أحمد جلد 7 صفحه 280' رقم الحديث: 4248 . السنة لابن أبی عاصم جلد 1 صفحه 263' رقم الحديث: 592 . السنن الكبرى للنسائی جلد 10 صفحه 156' رقم الحديث: 11235 . مسند أبی يعلى الموصلی جلد 9 صفحه 267' رقم الحديث: 5390 . المسند للشاشی جلد 1 صفحه 375' رقم الحديث: 369 . صحيح ابن حبان جلد 1 صفحه 299' رقم الحديث: 98-97 . سنن الدارقطنی جلد 5 صفحه 110' رقم الحديث: 4046 . الأسماء والصفات للبيهقی جلد 1 صفحه 502' رقم الحديث: 429 . السنن الصغير للبيهقی جلد 3 صفحه 136' رقم الحديث: 2724 .

(الاسراء : 85)

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مَعْنٍ اِلَّا اِسْحَاقُ

اس حدیث کو قاسم بن معن سے اسحاق کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

59 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ بَشِيرٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ فِي الْجَنَّةِ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : اِنِّي لَا اَتَخَوَّفُ عَلَى اُمَّتِي مُؤْمِنًا وَلَا مُشْرِكًا ، اَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَحْجِزُهُ اِيمَانُهُ ، وَاَمَّا الْمُشْرِكُ فَيَقْمَعُهُ كُفْرُهُ ، وَلٰكِنْ اَتَخَوَّفُ عَلَيْكُمْ مُنَافِقًا عَالِمَ اللِّسَانِ يَقُولُ مَا تَعْرِفُونَ وَيَعْمَلُ مَا تُنْكِرُونَ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ مجھے اپنے کسی اُمتی پر مؤمن یا مشرک ہونے کا کوئی خوف نہیں' مؤمن تو اسے اس کا ایمان زیادتی کرنے سے روک لے گا اور ہا مشرک تو اسے اس کا کفر تباہ کر دے گا لیکن میں تم پر اس منافق سے ڈرتا ہوں جو صرف زبانی کلامی عالم ہوگا' وہ ایسی باتیں کرے گا جسے تم پہچانتے ہوگے اور عمل ایسا کرے گا جسے تم ناپسند کرو گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ بَشِيرٍ وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

اس حدیث کو ابو اسحاق سے عباد بن بشیر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور نہ ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس اسناد کے علاوہ روایت کی گئی ہے۔

60 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّكُمْ بِحُبِّي، اَتَرْجُونَ اَنْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِي وَلَا يَدْخُلُهَا بَنُو عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی ایک بھی ایمان والا نہیں ہوسکتا حتیٰ کہ وہ میری محبت کی وجہ سے تم سے محبت نہ کرے' کیا تم یہ اُمید رکھتے ہو کہ وہ میری سفارش کی وجہ سے جنت میں داخل ہو جائیں گے اور

59- المعجم الأوسط جلد 7صفحه128' رقم الحديث: 7065 . المطالب العالية بزوائد جلد 12صفحه527' رقم الحديث:2987 .

60- المعجم الأوسط جلد 5صفحه52' رقم الحديث: 4647 . المعجم الصغير للطبراني جلد 1صفحه399' رقم الحديث:667 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد3صفحه657 .

بنوعبدالمطلب اس میں داخل نہ ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قُرَّةَ إِلَّا أَصْرَمُ تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو الْأَشْعَثِ

قرہ سے اس حدیث کو اصرم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' ابواشعث اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

61 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْبَعْلَبَكِّيُّ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنُ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ الْبَصْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : مَا هَلَكَتْ أُمَّةٌ قَطُّ حَتَّى تُشْرِكَ بِاللَّهِ ، وَمَا أَشْرَكَتْ أُمَّةٌ بِاللَّهِ حَتَّى يَكُونَ أَوَّلُ شِرْكِهَا التَّكْذِيبَ بِالْقَدَرِ

حضرت یحییٰ بن قاسم بن عبداللہ بن عمرو از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی قوم کبھی بھی ہلاک نہیں ہوتی حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہ کرے اور کوئی بھی اُمت اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہیں کرتی حتیٰ کہ اس کا پہلا شرک تقدیر کو جھٹلانا ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا عَمْرُو بْنُ الْمُهَاجِرِ ، وَلَا عَنْ عَمْرٍو إِلَّا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ

حضرت عمر بن عبدالعزیز سے عمرو بن مہاجر کے سوا کسی نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا اور نہ عمرو سے عمر بن یزید کے سوا۔ محمد بن شعیب اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

61- السنة لابن أبی عاصم جلد 1صفحه141' رقم الحدیث: 322 ۔ القدر للفریابی جلد 1صفحه192' رقم الحدیث: 241 ۔ الشریعة للآجری جلد 2صفحه808' رقم الحدیث: 387 ۔ مسند الشامیین للطبرانی جلد 3 صفحه409' رقم الحدیث: 2563 ۔ الابانة الکبری لابن بطة جلد4صفحه107' رقم الحدیث: 1524 ۔ فوائد تمام جلد 1صفحه307' رقم الحدیث: 765 ۔ شرح أصول اعتقاد أهل السنة جلد 4صفحه690' رقم الحدیث: 1113 ۔ عمر بن عبدالعزیز للباغندی جلد 1صفحه141' رقم الحدیث: 76 ۔

62 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الزُّهْرِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ دِينِكُمْ اَيْسَرُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارا بہترین دین اس کا آسان ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَلَّامٌ تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَزِيدَ

قتادہ سے اس حدیث کو سلام کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' اسماعیل بن یزید اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

63 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

62- أخلاق أهل القرآن جلد 1صفحه121' رقم الحديث: 50 . صحيح البخاری جلد 1صفحه25' رقم الحديث: 69 . صحيح مسلم جلد 3صفحه1359' رقم الحديث: 1734 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد 3صفحه560' رقم الحديث: 2199 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه212' رقم الحديث: 1404 . مسند أحمد جلد 20 صفحه 409' رقم الحديث: 13175 . الأدب المفرد جلد 1صفحه167' رقم الحديث: 473 . السنن الكبرىٰ للنسائی جلد 5صفحه383' رقم الحديث: 5859 . مسند أبی يعلىٰ الموصلی جلد 7صفحه187' رقم الحديث: 4172 . مستخرج أبی عوانة جلد 4صفحه214' رقم الحديث: 6554 . حلية الأولياء وطبقات الأصفياء جلد3صفحه84 . مسند الشهاب القضاعی جلد2صفحه220' رقم الحديث:1225 . جامع بيان العلم وفضله جلد1صفحه100' رقم الحديث: 91 .

63- سنن أبی داؤد جلد 4صفحه234' رقم الحديث: 4734 . سنن الترمذی جلد 5صفحه184' رقم الحديث: 2925 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه73' رقم الحديث: 201 . مصنف ابن أبی شيبة جلد7صفحه336' رقم الحديث: 36582 . مسند أحمد جلد 22صفحه346' رقم الحديث: 14456 . سنن الدارمی جلد4 صفحه 2110' رقم الحديث: 3397 . أخبار مكة للفاكهی جلد 4صفحه26' رقم الحديث: 2325 . الرد على الجهمية للدارمی جلد 1صفحه158' رقم الحديث: 285 . السنن الكبرىٰ للنسائی جلد 7 صفحه 152' رقم الحديث: 7680 . مسند أبی يعلىٰ الموصلی جلد 3صفحه405' رقم الحديث: 1887 .

الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِی لَيْلَى، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عُمَرَ الدُّهْنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ : حَمَلَنِی خَالِی جَدُّ بْنُ قَيْسٍ فِی السَّبْعِينَ رَاكِبًا الَّذِينَ وَفَدُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ مِنْ قِبَلِ الْاَنْصَارِ ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ عَمُّهُ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ، فَقَالَ : يَا عَمِّ ، خُذْ عَلَى اَخْوَالِكَ ، فَقَالَ لَهُ السَّبْعُونَ : يَا مُحَمَّدُ ، سَلْ لِرَبِّكَ وَلِنَفْسِكَ مَا شِئْتَ ، فَقَالَ : اَمَّا الَّذِی اَسْاَلُكُمْ لِرَبِّی فَتَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا ، وَاَمَّا الَّذِی اَسْاَلُكُمْ لِنَفْسِی فَتَمْنَعُونِی مَا تَمْنَعُونَ مِنْهُ اَنْفُسَكُمْ قَالُوا : فَمَا لَنَا اِذَا فَعَلْنَا ذٰلِكَ؟ قَالَ : الْجَنَّةُ

مجھے میرے ماموں جد بن قیس نے ان ستر افراد کے وفد میں سوار کیا' جو عقبہ کی رات انصار کی طرف سے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے' سو رسول اللہ ﷺ ہماری جانب نکلے اور آپ کے ساتھ آپ کے چچا حضرت عباس بن عبدالمطلب بھی تھے۔ آپ نے فرمایا: اے چچا جان! اپنے ماموؤں سے عہد لیجئے! تو ان ستر افراد نے کہا: اے محمد (ﷺ)! اپنے رب کے لیے اور اپنے آپ کے لیے جو آپ چاہتے ہیں (ہم سے) مانگ لیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تم سے اپنے رب کے لیے یہ سوال کرتا ہوں کہ تم اس کی عبادت کرو اور تم اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ وہ سوال جو تم سے میں اپنی ذات کے لیے کرتا ہوں' یہ ہے کہ تم میری جان کی بھی اسی طرح حفاظت کرو جس طرح تم اپنی جانوں کی حفاظت کرتے ہو۔ انہوں نے کہا: جب ہم یہ کر لیں گے تو ہمیں کیا فائدہ ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (تمہیں) جنت ملے گی۔

64 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اَبِی حُسَيْنٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

صحیح ابن حبان جلد 15 صفحہ474' رقم الحدیث: 7012 . الشریعة للآجری جلد 4 صفحہ1658' رقم الحدیث: 1139 . المعجم الأوسط جلد7 صفحہ59' رقم الحدیث: 6847 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 2 صفحہ186' رقم الحدیث: 1757 . معجم ابن المقریٔ جلد 1 صفحہ69' رقم الحدیث: 126 . الابانة الکبری لابن بطة جلد5 صفحہ228' رقم الحدیث: 5 .

64- سنن ابن ماجه جلد 1 صفحہ680' رقم الحدیث: 2103 . مصنف ابن ابی شیبة جلد 3 صفحہ115' رقم الحدیث: 12615 . تخریج الأحادیث المرفوعة جلد 1 صفحہ835' رقم الحدیث: 434 . مسند ابی یعلی الموصلی جلد 9 صفحہ437' رقم الحدیث: 5587 . صحیح ابن حبان جلد 10 صفحہ197' رقم الحدیث:

الْوَاسِطِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الشَّعْثَاءِ عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِیَةَ الضَّرِیرُ، حَدَّثَنَا بَشَّارُ بْنُ کِدَامٍ اَخُو مِسْعَرِ بْنِ کِدَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا الْحَلِفُ حِنْثٌ اَوْ نَدَمٌ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک حلف میں قسم کو توڑنا ہے یا شرمندگی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ بَشَّارٍ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ، وَلَا نَحْفَظُ لِبَشَّارٍ حَدِيثًا مُسْنَدًا غَيْرَ هٰذَا

اس حدیث کو بشار سے ابومعاویہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور ہمیں بشار سے اس حدیث کے سوا کوئی مسند روایت یاد نہیں۔

65 - حَدَّثَنَا مُنْتَصِرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ مُنْتَصِرٍ الْوَاسِطِیُّ ابْنُ اَخِی تَمِيمِ بْنِ الْمُنْتَصِرِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْوَاسِطِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِی سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا: میں اپنے دل میں ایسا کچھ پاتا ہوں کہ مجھے کوئلہ ہو جانا زیادہ پسند ہے کہ میں اسے زبان پر لاؤں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہی صریح ایمان ہے۔

4356 . المعجم الأوسط جلد8صفحه210' رقم الحديث:8425 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد4صفحه336' رقم الحديث: 7835 . مسند الشهاب القضاعي جلد1صفحه179' رقم الحديث:260 . السنن الصغير للبيهقي جلد10صفحه54' رقم الحديث:19839 .

65- سنن أبي داؤد جلد4صفحه329' رقم الحديث:5112 . مسند أبي داؤد الطيالسي جلد4صفحه421' رقم الحديث: 2827 . مسند أحمد جلد4صفحه10' رقم الحديث: 2097 . السنة لابن أبي عاصم جلد1 صفحه 296' رقم الحديث: 658 . السنن الكبرى للنسائي جلد9صفحه249' رقم الحديث: 10436 . شرح مشكل الآثار جلد4صفحه324' رقم الحديث: 1638 . صحيح ابن حبان جلد 14صفحه67' رقم الحديث: 6188 . المعجم الكبير للطبراني جلد10صفحه338' رقم الحديث: 10838 . الايمان لابن منده جلد1 صفحه473' رقم الحديث:345 . شعب الايمان جلد1صفحه521' رقم الحديث:336 .

وَسَلَّمَ : اِنِّی اَجِدُ فِی نَفْسِی الشَّیْءَ اَنْ اَکُونَ حُمَمَةً اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَتَکَلَّمَ بِهِ ، فَقَالَ : ذَاکَ صَرِیحُ الْإِیمَانِ

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ سُفْیَانَ اِلَّا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ

سفیان سے اس حدیث کو اسحاق ازرق کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

66 - حَدَّثَنَا مُسَبِّحُ بْنُ حَاتِمٍ الْعُکْلِیُّ الْبَصْرِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِیُّ قَالَ : خَطَبَ الْمَأْمُونُ ، فَذَکَرَ الْحَیَاءَ فَاَکْثَرَ، ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ اَبِی بَکْرَةَ، وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَا : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : اَلْحَیَاءُ مِنَ الْإِیمَانِ ، وَالْإِیمَانُ فِی الْجَنَّةِ ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ ، وَالْجَفَاءُ فِی النَّارِ

حضرت ابوبکرہ اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حیاء ایمان سے ہے اور ایمان جنت میں ہے اور فضول گوئی بداخلاقی ہے اور بداخلاقی دوزخ میں ہے۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنِ الْمَأْمُونِ اِلَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِیُّ

اس حدیث کو مامون سے عبدالجبار بن عبداللہ بصری کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

66- سنن ابن ماجه جلد 2صفحه1400' رقم الحديث: 4184 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه421' رقم الحديث: 2874 . الأدب المفرد جلد 1صفحه445 . شرح مشكل الآثار جلد 8صفحه234' رقم الحديث: 3206 . صحيح ابن حبان جلد 13صفحه10' رقم الحديث: 5704 . المعجم الأوسط جلد 8صفحه271' رقم الحديث: 8607 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد 1صفحه118' رقم الحديث: 171 . شرح أصول اعتقاد أهل السنة جلد 5صفحه986' رقم الحديث: 1651 . مسند الشهاب القضاعى جلد 1صفحه50' رقم الحديث: 27 . شعب الايمان جلد 10صفحه150-149' رقم الحديث: 7310-7309 . مكارم الأخلاق لابن أبي الدنيا جلد 1صفحه35' رقم الحديث: 72 . العلل الكبير للترمذى جلد 1صفحه315' رقم الحديث: 588 .

67 - حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُرَيْبٍ الْاَصْمَعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ اَبِي غَالِبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : اَلْخَوَارِجُ كِلَابُ النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: خارجی جہنم کے کتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قُرَيْبٍ اَبِي الْاَصْمَعِيِّ اِلَّا ابْنُهُ وَعَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ

قریب ابوالاصمعی سے اس حدیث کو اس کے بیٹے اور عمرو بن عاصم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

67- تفسير ابن أبي حاتم جلد2صفحه594' رقم الحديث:3179 . سنن الترمذى جلد 5صفحه226' رقم الحديث:3000 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه62' رقم الحديث:176 . مسند أبي داؤد الطيالسي جلد 2 صفحه 455' رقم الحديث:1232 . مصنف عبد الرزاق الصنعاني جلد 10صفحه152' رقم الحديث:18663 . مسند الحميدى جلد 2صفحه154' رقم الحديث:932 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 7 صفحه554' رقم الحديث:37892 . السنة لعبد الله بن أحمد جلد 2صفحه643' رقم الحديث:1542 . مسند أحمد جلد36صفحه654' رقم الحديث:22315 . السنة لابن أبي عاصم جلد 1صفحه34' رقم الحديث:68 . السنة للمروزى جلد 1صفحه22' رقم الحديث:56 . مسند الروياني جلد 2صفحه270' رقم الحديث:1187 . شرح مشكل الآثار جلد6صفحه338' رقم الحديث:2519 . الشريعة للآجرى جلد 1 صفحه 368' رقم الحديث:60 . المعجم الأوسط جلد 7صفحه175' رقم الحديث:7202 . المعجم الكبير للطبراني جلد8صفحه212-121' رقم الحديث:7553-7857 . مسند الشاميين للطبراني جلد 2 صفحه 248' رقم الحديث:1279 . معجم ابن المقرئ جلد 1صفحه85' رقم الحديث:179 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد 2صفحه163' رقم الحديث:2654 . شرح أصول اعتقاد أهل السنة جلد 1 صفحه 115' رقم الحديث:152 . السنن الواردة فى الفتن للدانى جلد 3صفحه623' رقم الحديث:285 . السنن الكبرى للبيهقى جلد 8صفحه325' رقم الحديث:16783 . معرفة السنن و الآثار جلد12صفحه231' رقم الحديث:16535 . المطالب العالية بزوائد جلد3صفحه697' رقم الحديث:408 .

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

2- کتاب العلم

علم کے احکام و مسائل

68 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ حَبِيبٍ الْبَيْرُوتِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ : عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: علم کو طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ ، وَلَا

اس حدیث کو عاصم سے حکم بن عطیہ کے سوا کسی نے

68- سنن ابن ماجه جلد1صفحه81' رقم الحديث: 224 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد 5صفحه223' رقم الحديث: 2837 . الكنى والأسماء للدولابي جلد2صفحه707' رقم الحديث: 1242 . معجم ابن الأعرابي جلد3صفحه879' رقم الحديث: 1786 . المعجم الأوسط جلد 8صفحه347' رقم الحديث: 8833 . مسند الشاميين للطبراني جلد3صفحه202' رقم الحديث: 2084 . مكارم الأخلاق للطبراني جلد 1صفحه345' رقم الحديث: 95 . فوائد تمام جلد2صفحه248' رقم الحديث: 1649 . مسند الشهاب القضاعي جلد 1 صفحه136' رقم الحديث: 175 . شعب الايمان جلد 3صفحه193' رقم الحديث: 1543 . جامع بيان العلم وفضله جلد1صفحه68' رقم الحديث: 51 . الفوائد لأبي الشيخ الأصبهاني جلد 1صفحه44' رقم الحديث: 14 . المطالب العالية بزوائد جلد 12صفحه703' رقم الحديث:3082 .

عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا الْعَبَّاسُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبَصْرِيُّ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ الْمُصَفَّى

روایت نہیں کیا اور نہ حکم سے سوائے عباس بن اسماعیل البصری کے۔ ابن مصفّی اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

531 - حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ اَحْمَدَ الْفَوْزِيُّ الْحِمْصِيُّ، وَمَا كَتَبْنَاهُ اِلَّا عَنْهُ، حَدَّثَنَا جَدِّي لِأُمِّي خَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ الْفَوْزِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: اَنَّ بَرِيرَةَ اُعْتِقَتْ وَلَهَا زَوْجٌ، فَخَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّ بَرِيرَةَ تُصُدِّقَ عَلَيْهَا بِلَحْمٍ، فَنَصَبُوهُ، فَقَدَّمُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا غَيْرَ اللَّحْمِ، فَقَالَ: اَلَمْ اَرَ عِنْدَكُمْ لَحْمًا؟، فَقَالُوا: اِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ، فَقَالَ: هُوَ لِبَرِيرَةَ صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ، وَاَنَّ بَرِيرَةَ جَائَتْ اِلَى عَائِشَةَ تَسْتَعِينُهَا فِي كِتَابَتِهَا، فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: اِنْ شَاءَ اَهْلُكِ اشْتَرَيْتُكِ، وَنَقَدْتُ ثَمَنَكِ عَنْكِ مَرَّةً وَاحِدَةً، فَذَهَبَتْ بَرِيرَةُ اِلَى اَهْلِهَا، فَقَالَتْ لَهُمْ ذَلِكَ، فَقَالُوا: وَلَنَا وَلَاؤُكِ، فَجَائَتْ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: اِنَّهُمْ يَقُولُونَ وَلَاؤُكِ لَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرِيهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ بریرہ کو آزاد کیا گیا اور اس کا خاوند (غلام) تھا' رسول اللہ ﷺ نے اسے (اپنے خاوند کا) اختیار دیا (یعنی چاہے تو اس کے نکاح میں رہ' چاہے نہ رہ) اور بریرہ پر گوشت صدقہ کیا گیا تو انہوں نے ہنڈیا میں ڈال کر اسے چولہے پر چڑھا دیا۔ پس انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو سالن پیش کیا تو آپ نے فرمایا: کیا میں نے تمہارے پاس گوشت نہیں دیکھا؟ انہوں نے عرض کیا: یہ وہ چیز ہے جو بریرہ پر صدقہ کی گئی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: وہ بریرہ کے لیے صدقہ ہے اور ہمارے لیے ہدیہ ہے۔ حضرت بریرہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں تاکہ اپنی کتابت کے سلسلہ میں آپ سے مدد چاہیں تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے فرمایا: اگر تیرے اہل چاہیں تو میں تجھے خریدتی ہوں اور ایک ہی دفعہ تیری قیمت ادا کرتی ہوں۔ پس حضرت بریرہ اپنے اہل کے پاس گئی' انہیں وہ (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا والی) بات کہی' انہوں نے کہا: لیکن تیری ولاء ہمارے لیے ہوگی۔ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں اور بتایا کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ تیری ولاء ہمارے لیے ہوگی' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسے خرید لے اور بلاشبہ

531- تفسير ابن أبي حاتم جلد3صفحه722' رقم الحديث: 3909 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 7صفحه132' رقم الحديث: 34754 . الزهد لأبي داؤد جلد 1صفحه320' رقم الحديث: 368 . مكارم الأخلاق للخرائطي جلد 1صفحه138' رقم الحديث: 405 . المعجم الأوسط جلد5صفحه378' رقم الحديث:5613 . مسند الشهاب القضاعي جلد2صفحه66' رقم الحديث: 893 .

ولاء اس کی ہوتی ہے جو آزاد کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ تَفَرَّدَ بِهِ خَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ وَرَبِيعَةُ مَشْهُورٌ، وَخَطَّابٌ مَشْهُورٌ

یحییٰ بن سعید سے اس حدیث کو اسماعیل بن عیاش کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ خطاب بن عثمان اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہیں اور ربیعہ بھی مشہور ہیں اور خطاب بھی مشہور ہیں۔

532 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي غَيْلَانَ الثَّقَفِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الثُّنْيَا إِلَّا أَنْ يَعْلَمَ مَا هِيَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے استثناء سے منع فرمایا مگر جبکہ وہ معلوم ہو کہ کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يُونُسَ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ تَفَرَّدَ بِهِ عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، وَهَذِهِ الثُّنْيَا الَّتِي فِي هَذَا الْحَدِيثِ: أَنْ يَبِيعَ الرَّجُلُ ثَمَرَةَ بُسْتَانِهِ مِنَ النَّخِيلِ

یونس سے اس حدیث کو سفیان بن حسین کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' عباد بن العوام اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔ اور یہ جو لفظ اس حدیث میں ''ثنیا''

532- سنن الترمذی جلد 3صفحہ509' رقم الحدیث: 1212 . سنن ابن ماجہ جلد 2صفحہ752' رقم الحدیث: 2236 . مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 2صفحہ574' رقم الحدیث: 1342 . سنن سعید بن منصور جلد 2 صفحہ 181' رقم الحدیث: 2382 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحہ256' رقم الحدیث: 1696 . مصنف ابن أبی شیبۃ جلد6صفحہ534' رقم الحدیث: 33619 . مسند أحمد جلد24صفحہ171' رقم الحدیث: 15438 . سنن الدارمی جلد 3صفحہ1581' رقم الحدیث: 2479 . تخریج الأحادیث المرفوعۃ جلد 1 صفحہ 1186' رقم الحدیث: 761 . الآحاد والمثانی لابن أبی عاصم جلد4صفحہ363' رقم الحدیث: 2402 . مکارم الأخلاق للخرائطی جلد1صفحہ272' رقم الحدیث: 838 .

اَوْغَيْرِهِ مِنْ شَجَرَةِ الثَّمَرِ فَيَسْتَثْنِي لِنَفْسِهِ وَلِعِيَالِهِ شَيْئًا مِنَ الثَّمَرَةِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجُوزُ الثُّنْيَا اِلَّا اَنْ يُبَيِّنَ شَجَرًا بِعَيْنِهِ

کا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک آدمی اپنے باغ کے کھجور کے پھلوں وغیرہ میں سے کسی درخت کے اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لیے پھل کو خاص کر لے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: استثناء جائز نہیں مگر جبکہ کوئی درخت متعین ہو (تو پھر جائز ہے)۔

533 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ شُجَاعٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْمَرْوَزِيُّ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے اور وہ لوگ غلے

533- صحيح البخارى جلد 3صفحه79' رقم الحديث: 2213 . صحيح مسلم جلد 3صفحه1229' رقم الحديث: 1608 . سنن أبى داؤد جلد 3صفحه285' رقم الحديث: 3513 . سنن الترمذى جلد 3صفحه644' رقم الحديث: 1370 . سنن النسائى جلد 7صفحه301' رقم الحديث: 4646 . سنن ابن ماجه جلد 2 صفحه 835' رقم الحديث: 2499 . مسند أبى داؤد الطيالسى جلد 3صفحه268' رقم الحديث: 1797 . مصنف عبد الرزاق الصنعانى جلد 8صفحه82' رقم الحديث: 14403 . مسند الحميدى جلد 2صفحه345' رقم الحديث: 1309 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه381' رقم الحديث: 2607 . مصنف ابن أبى شيبة جلد 4 صفحه 519' رقم الحديث: 22730 . سنن الدارمى جلد 3صفحه1715' رقم الحديث: 2670 . السنن الكبرىٰ للنسائى جلد 6صفحه73' رقم الحديث: 6197 . مسند أبى يعلىٰ الموصلى جلد 4صفحه123' رقم الحديث: 2171 . المنتقى لابن الجارود جلد 1صفحه162' رقم الحديث: 641 . شرح معانى الآثار جلد 4 صفحه 122' رقم الحديث: 5993 . مكارم الأخلاق للخرائطى جلد 1صفحه98' رقم الحديث: 258 . صحيح ابن حبان جلد 11صفحه581' رقم الحديث: 5178 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه357' رقم الحديث: 2220 . سنن الدارقطنى جلد 5صفحه401' رقم الحديث: 4532 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد 2صفحه64' رقم الحديث: 2337 . السنن الصغير للبيهقى جلد 2صفحه314' رقم الحديث: 2134 . السنن الكبرىٰ للبيهقى جلد 6صفحه179' رقم الحديث: 11595 . معرفة السنن والآثار جلد 8 صفحه308' رقم الحديث: 11986 .

حَدَّثَنَا النَّضرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی نَجِيحٍ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَثِيرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِی الْمِنْهَالِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يُسْلِفُونَ فِی الطَّعَامِ وَالتَّمْرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَسْلَفَ فَلْيُسْلِفْ اِلَى اَجَلٍ مُسَمًّى، وَكَيْلٍ مَعْلُومٍ

اور کھجوروں میں بیع سلف کرتے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو سلف کرے تو اسے چاہیے کہ ایک میعاد مقررہ تک سلف کرے اور وزن معلوم کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا النَّضْرُ

شعبہ سے اس حدیث کو نضر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

534 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قُرَيْشٍ الْاَسَدِیُّ الْبَغْدَادِیُّ، قَالَ وَجَدْتُ فِی سَمَاعِ الْفَرَجِ بْنِ الْيَمَانِ الْكَرْدَلِیِّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ وَمُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ: كَتَبَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَرْضِ جُهَيْنَةَ اَنْ لَا تَسْتَنْفِعُوا (تَسْتَمْتِعُوا) مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن عکیم الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہماری طرف جہینہ کی سرزمین میں لکھا کہ تم مردار کے چمڑے سے یا اس کے پٹھوں سے نفع یا فائدہ حاصل نہ کرو۔

534- صحيح مسلم جلد 3 صفحه 1179' رقم الحديث: 1546 . سنن ابن ماجه جلد 2 صفحه 820' رقم الحديث: 2455 . مؤطا مالك جلد 2 صفحه 625' رقم الحديث: 24 . مسند أحمد جلد 18 صفحه 124' رقم الحديث: 11577 . مسند أبی يعلٰی الموصلی جلد 2 صفحه 407' رقم الحديث: 1191 . مستخرج أبی عوانة جلد 3 صفحه 321' رقم الحديث: 5152 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 5 صفحه 502' رقم الحديث: 10642 . معرفة السنن والآثار جلد 8 صفحه 94' رقم الحديث: 11245 .

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَطَرٍ وَابْنِ جُحَادَةَ إِلَّا دَاوُدُ، وُجُودًا فِي سَمَاعِ الْفَرَجِ

اس حدیث کو از مطر اور ابن جحادہ داؤد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ان کا فرج سے اس حدیث کا سماع پایا گیا۔

535 - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللَّهُ عَبْدًا سَمْحًا قَاضِيًا، وَسَمْحًا مُقْتَضِيًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نرم دل قاضی بندہ پر رحم فرمائے اور نرمی کے ساتھ قرض کا تقاضا کرنے والے پر بھی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا أَبُو غَسَّانَ وَبِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ

محمد بن منکدر سے اس حدیث کو ابوغسان کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور اس اسناد کے ساتھ از نبی اکرم ﷺ روایت نہیں کی گئی کہ آپ نے فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

536 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ أَبُو مَسْعُودٍ الْكِنَانِيُّ الْأُبُلِّيُّ، بِالْأُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ بُدَيْلٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو چیزیں ایسی ہیں جن سے روکنا حلال نہیں: ایک پانی اور دوسری آگ۔

535- مسند الشهاب القضاعی جلد1 صفحه433' رقم الحديث: 744 .

536-تفسير ابن أبی حاتم جلد 3 صفحه722' رقم الحديث: 3909 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 7 صفحه132' رقم الحديث: 34754 . الزهد لأبی داؤد جلد1 صفحه320' رقم الحديث: 368 . مكارم الأخلاق للخرائطی جلد1 صفحه138' رقم الحديث: 405 . المعجم الأوسط جلد 5 صفحه378' رقم الحديث: 5613 . مسند الشهاب القضاعی جلد2 صفحه66' رقم الحديث: 893 . شعب الايمان جلد7 صفحه 64' رقم الحديث. 4650 . الصمت لابن أبی الدنيا جلد 1 صفحه53' رقم الحديث: 17 . الزهد لأحمد بن حنبل جلد 1 صفحه171' رقم الحديث: 1165 . الزهد لابن أبی عاصم جلد1 صفحه27' رقم الحديث: 28 .

بْنِ مَيْسَرَةَ الْعَقِيلِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: خَصْلَتَانِ لَا يَحِلُّ مَنْعُهُمَا: الْمَاءُ وَالنَّارُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ اِلَّا الْحَسَنُ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الصَّمَدِ

بدیل بن میسرہ سے اس حدیث کو حسن کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ عبدالصمد اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

537 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْفَرَجِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ حُجْرٍ الْمَدَرِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: الْعُمْرَى لِلْوَارِثِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ (آپ نے فرمایا:) عمریٰ وارث کے لیے ہے (عمریٰ: کسی آدمی کو کسی چیز کا عمر بھر کے لیے مالک بنا دینا عمریٰ کہلاتا ہے)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عُثْمَانُ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو كَامِلٍ

ایوب سے اس حدیث کو عثمان کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' ابوکامل اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

538 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

537- صحیح مسلم جلد 3صفحہ1179' رقم الحدیث: 1546 . سنن ابن ماجه جلد 2صفحہ820' رقم الحدیث: 2455 . مؤطا مالك جلد 2صفحہ625' رقم الحدیث: 24 . مسند أحمد جلد 18صفحہ124' رقم الحدیث: 11577 . مسند أبی یعلی الموصلی جلد 2صفحہ407' رقم الحدیث: 1191 . مستخرج أبی عوانة حلد 3 صفحہ321' رقم الحدیث: 5152 . السنن الكبری للبیهقی جلد 5صفحہ502' رقم الحدیث: 10642 . معرفة السنن والآثار جلد8صفحہ94' رقم الحدیث: 11245 .

538- صحیح البخاری جلد 3صفحہ79' رقم الحدیث: 2213 . صحیح مسلم جلد 3صفحہ1229' رقم

اَلْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا اَبِى، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا، وَالْمَكْرُ وَالْخَدِيعَةُ فِى النَّارِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں اور دھوکہ وفریب جہنم میں ہے (یعنی دھوکہ فریب دینے والا جہنم میں ہے)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ الْجَهْمِ وَلَا عَنْهُ اِلَّا ابْنُهُ عُثْمَانُ

عاصم سے اس روایت کو ہیثم بن جہم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور نہ ہی ان سے ان کے بیٹے عثمان کے سوا۔

الحديث: 1608 . سنن أبي داؤد جلد 3صفحه285' رقم الحديث: 3513 . سنن الترمذى جلد3صفحه644' رقم الحديث: 1370 . سنن النسائي جلد7صفحه301' رقم الحديث: 4646 . سنن ابن ماجه جلد2 صفحه 835' رقم الحديث: 2499 . مسند أبي داؤد الطيالسي جلد 3صفحه268' رقم الحديث: 1797 . مصنف عبد الرزاق الصنعاني جلد8صفحه82' رقم الحديث: 14403 . مسند الحميدى جلد 2صفحه345' رقم الحديث: 1309 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه381' رقم الحديث: 2607 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 4 صفحه 519' رقم الحديث: 22730 . سنن الدارمي جلد 3صفحه1715' رقم الحديث: 2670 . السنن الكبرى للنسائي جلد6صفحه73' رقم الحديث: 6197 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد4صفحه123' رقم الحديث: 2171 . المنتقى لابن الجارود جلد 1صفحه162' رقم الحديث: 641 . شرح معاني الآثار جلد 4 صفحه 122' رقم الحديث: 5993 . مكارم الأخلاق للخرائطي جلد1صفحه98' رقم الحديث: 258 . صحيح ابن حبان جلد 11صفحه581' رقم الحديث: 5178 . المعجم الأوسط جلد2صفحه357' رقم الحديث: 2220 . سنن الدارقطني جلد 5صفحه401' رقم الحديث: 4532 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد2صفحه64' رقم الحديث: 2337 . السنن الصغير للبيهقي جلد2صفحه314' رقم الحديث: 2134 . السنن الكبرى للبيهقي جلد6صفحه179' رقم الحديث: 11595 . معرفة السنن والآثار جلد 8 صفحه308' رقم الحديث: 11986 .

539 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اللَّيْثِ اَبُو صَالِحِ الرَّاسِبِيُّ، بِمَدِينَةِ تِنِّيسَ، حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْخَمْرَ، وَسَاقِيَهَا، وَشَارِبَهَا، وَعَاصِرَهَا، وَمُعْتَصِرَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُولَةَ اِلَيْهِ، وَبَائِعَهَا، وَمُبْتَاعَهَا، وَآكِلَ ثَمَنِهَا

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ شراب پر لعنت فرمائی اور اس کے پینے والے پر اور اس کے نچوڑنے والے پر اور جس کے لیے نچوڑی گئی اس پر اور اسے اُٹھانے والے پر اور جس کے لیے اُٹھا کر لائی گئی ہو اس پر اور اسے بیچنے اور خریدنے والے پر اور اس کی قیمت کھانے والے پر۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا سَعِيدٌ الْمَدَنِيُّ تَفَرَّدَ بِهِ فُلَيْحٌ

اس حدیث کو عبداللہ بن عبداللہ بن عمر سے سعید المدنی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ فلیح اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

540 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، وَعَنْ اَيُّوبَ السِّخْتِيَانِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ چیز نہ بیچو جو تمہارے پاس نہیں۔

539- مسند الشهاب القضاعی جلد1صفحه433' رقم الحديث:744 .

540- تفسير ابن أبی حاتم جلد3صفحه722' رقم الحديث: 3909 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 7صفحه132' رقم الحديث: 34754 . الزهد لأبی داؤد جلد 1صفحه320' رقم الحديث: 368 . مكارم الأخلاق للخرائطی جلد 1صفحه138' رقم الحديث: 405 . المعجم الأوسط جلد5صفحه378' رقم الحديث: 5613 . مسند الشهاب القضاعی جلد2صفحه66' رقم الحديث: 893 . شعب الايمان جلد7صفحه64' رقم الحديث: 4650 . الصمت لابن أبی الدنيا جلد 1صفحه53' رقم الحديث: 17 . الزهد لأحمد بن حنبل جلد 1 صفحه171' رقم الحديث:1165 . الزهد لابن أبی عاصم جلد 1صفحه27' رقم الحديث:28 .

مَاهَكٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى إِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدٌ

یحیٰی سے اس حدیث کو حماد بن زید کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ خالد اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

541 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ وَاصِلٍ أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ حُجْرٍ الْمَدَرِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: الرُّقْبَى وَالْعُمْرَى سَبِيلُهُمَا سَبِيلُ الْمِيرَاثِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: رقبیٰ اور عمریٰ دونوں راستے میراث کے راستے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُلَيْمٍ إِلَّا أَبُو عُبَيْدَةَ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ قُدَامَةَ

سلیم سے اس حدیث کو ابوعبیدہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن قدامہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: رقبیٰ: یہ لفظ ''رقوب'' سے ماخوذ ہے' اس کا معنی ہے: انتظار کرنا' مثلاً ایک شخص دوسرے شخص سے یہ کہے: میں نے تمہیں فلاں چیز دی' اگر میں پہلے مرگیا تو یہ تمہاری ہے اور اگر تُو مرگیا تو پھر یہ چیز میری ہے۔ گویا ان میں سے ہر ایک دوسرے کی موت کا انتظار کر رہا ہوتا ہے۔ اور یہ اہل کوفہ' بعض دوسرے اہل علم اور امام ابوحنیفہ و امام محمد کے نزدیک باطل ہے۔

عمریٰ: یہ لفظ ''عمر'' سے ماخوذ ہے' اس کا معنی ہے: پوری زندگی۔ مثلاً ایک شخص دوسرے شخص سے یہ کہے کہ میں نے یہ چیز تمہیں دی' تم مرگئے تو یہ تمہارے وارثوں کے لیے ہے' ایسا کرنا صحیح اور جائز ہے۔

541- سنن الترمذی جلد 3 صفحہ 509' رقم الحدیث: 1212 . سنن ابن ماجہ جلد 2 صفحہ 752' رقم الحدیث: 2236 . مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 2 صفحہ 574' رقم الحدیث: 1342 . سنن سعید بن منصور جلد 2

Marfat.com
Marfat.com

542 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: غَلَا السِّعْرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَعِّرْ لَنَا، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ، وَاِنِّي لَاَرْجُو اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَلَيْسَ اَحَدٌ مِنْكُمْ يَطْلُبُنِي بِمَظْلِمَةٍ فِي عَرَضٍ وَلَا مَالٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانۂ اقدس میں قیمتیں بہت بڑھ گئیں تو صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمارے لیے نرخ مقرر فرما دیں! آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ہی نرخ مقرر کرنے والا ہے وہی تنگی کرنے والا اور وہی کشادگی کرنے والا ہے بلاشبہ میں اُمید کرتا ہوں کہ میں اللہ عزوجل سے ملاقات کروں تو کوئی بھی اپنے مال و سامان میں ظلم وزیادتی کا مجھ سے مطالبہ کرنے والا نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عِيسَى تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى

اعمش سے اس حدیث کو عیسیٰ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ یحییٰ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

543 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

صفحه 181' رقم الحديث: 2382 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه256' رقم الحديث: 1696 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 6صفحه534' رقم الحديث: 33619 . مسند أحمد جلد 24صفحه171' رقم الحديث: 15438 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1581' رقم الحديث: 2479 . تخريج الأحاديث المرفوعة جلد 1 صفحه 1186' رقم الحديث: 761 . الآحاد والمثانی لابن أبی عاصم جلد4صفحه363' رقم الحديث: 2402 . مكارم الأخلاق للخرائطی جلد1صفحه272' رقم الحديث: 838 .

542- صحيح مسلم جلد 3صفحه1179' رقم الحديث: 1546 . سنن ابن ماجه جلد 2صفحه820' رقم الحديث: 2455 . مؤطا مالك جلد 2صفحه625' رقم الحديث: 24 . مسند أحمد جلد 18صفحه124' رقم الحديث: 11577 . مسند أبی يعلیٰ الموصلی جلد 2صفحه407' رقم الحديث: 1191 . مستخرج أبی عوانة جلد 3 صفحه 321' رقم الحديث: 5152 . السنن الكبری للبيهقی جلد 5صفحه502' رقم الحديث: 10642 . معرفة السنن والآثار جلد8صفحه94' رقم الحديث: 11245 .

543- صحيح البخاری جلد 3صفحه79' رقم الحديث: 2213 . صحيح مسلم جلد 3صفحه1229' رقم

التَّمِيمِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كَانَ اِذَا اُتِيَ بِالْبَاكُورَةِ مِنَ الثَّمَرَةِ قَبَّلَهَا اَوْ جَعَلَهَا عَلَى عَيْنَيْهِ، ثُمَّ اَعْطَاهَا اَصْغَرَ مَنْ يَحْضُرُهُ مِنَ الْوِلْدَانِ.

نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں جب تازہ پھل پیش کیے جاتے تو آپ انہیں قبول فرماتے اور اپنی مبارک آنکھوں پر رکھتے' پھر بچوں میں سے جو حاضر ہوتا' اسے عطا فرما دیتے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ،

زید بن اسلم سے اس حدیث کو دراوردی کے سوا کسی

الحديث: 1608 . سنن أبي داؤد جلد 3صفحه285' رقم الحديث: 3513 . سنن الترمذی جلد3صفحه644' رقم الحديث: 1370 . سنن النسائی جلد7صفحه301' رقم الحديث: 4646 . سنن ابن ماجه جلد2 صفحه 835' رقم الحديث: 2499 . مسند أبي داؤد الطيالسی جلد 3صفحه268' رقم الحديث: 1797 . مصنف عبد الرزاق الصنعانی جلد8صفحه82' رقم الحديث: 14403 . مسند الحميدی جلد 2صفحه345' رقم الحديث: 1309 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه381' رقم الحديث: 2607 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 4 صفحه 519' رقم الحديث: 22730 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1715' رقم الحديث: 2670 . السنن الكبرى للنسائی جلد6صفحه73' رقم الحديث: 6197 . مسند أبي يعلى الموصلی جلد4صفحه123' رقم الحديث: 2171 . المنتقى لابن الجارود جلد 1صفحه162' رقم الحديث: 641 . شرح معانی الآثار جلد 4 صفحه 122' رقم الحديث: 5993 . مكارم الأخلاق للخرائطی جلد1صفحه98' رقم الحديث: 258 . صحيح ابن حبان جلد 11صفحه581' رقم الحديث: 5178 . المعجم الأوسط جلد2صفحه357' رقم الحديث: 2220 . سنن الدارقطنی جلد5صفحه401' رقم الحديث: 4532 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد2صفحه64' رقم الحديث: 2337 . السنن الصغير للبيهقی جلد2صفحه314' رقم الحديث: 2134 . السنن الكبرى للبيهقی جلد6صفحه179' رقم الحديث: 11595 . معرفة السنن والآثار جلد 8 صفحه308' رقم الحديث: 11986 .

تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْوَلِيدُ

نے روایت نہیں کیا۔ ابوالولید اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

544 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الشَّعِيرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ قُرَيْرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا رِبَا اِلَّا فِي النَّسِيئَةِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سود صرف ادھار ہی میں ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ تَفَرَّدَ بِهِ الْقَوَارِيرِيُّ

عبدالعزیز سے اس حدیث کو محمد بن ثابت کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ قواریری اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

545 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ اَبُو سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ الضُّبَعِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَسَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ اَيُّوبَ السِّخْتِيَانِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو بیع کرنے والوں کے درمیان بیع منعقد نہیں ہوتی حتیٰ کہ دونوں جدا ہو جائیں سوائے بیع خیار کے۔

544- مسند الشهاب القضاعی جلد 1 صفحه 433' رقم الحديث: 744 .

545- تفسير ابن أبي حاتم جلد 3 صفحه 722' رقم الحديث: 3909 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 7 صفحه 132' رقم الحديث: 34754 . الزهد لأبي داؤد جلد 1 صفحه 320' رقم الحديث: 368 . مكارم الأخلاق للخرائطي جلد 1 صفحه 138' رقم الحديث: 405 . المعجم الأوسط جلد 5 صفحه 378' رقم الحديث: 5613 . مسند الشهاب القضاعی جلد 2 صفحه 66' رقم الحديث: 893 . شعب الايمان جلد 7 صفحه 64' رقم الحديث: 4650 . الصمت لابن أبي الدنيا جلد 1 صفحه 53' رقم الحديث: 17 . الزهد لأحمد بن حنبل جلد 1 صفحه 171' رقم الحديث: 1165 . الزهد لابن أبي عاصم جلد 1 صفحه 27' رقم الحديث: 28 .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بَيِّعَيْنِ لَا بَيْعَ بَيْنَهُمَا حَتّٰى يَتَفَرَّقَا اِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ

شعبہ سے اس حدیث کو سعید بن عامر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

546 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الْجُوزَجَانِيُّ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنَاجَشُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نہ ملاوٹ کیا کرو اور نہ باہم بغض رکھو اور نہ باہم حسد کرو اور نہ تم ایک دوسرے کی غیبت کرو اور اللہ کے بندو! تم آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم فرمایا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

اس حدیث کو اعمش سے ابراہیم بن طہمان کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

547 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی

546- سنن الترمذی جلد3صفحه509' رقم الحديث: 1212 . سنن ابن ماجه جلد2صفحه752' رقم الحديث: 2236 . مسند أبي داؤد الطيالسي جلد2صفحه574' رقم الحديث: 1342 . سنن سعيد بن منصور جلد 2 صفحه 181' رقم الحديث: 2382 . مسند ابن الجعد جلد1صفحه256' رقم الحديث: 1696 . مصنف ابن أبي شيبة جلد6صفحه534' رقم الحديث: 33619 . مسند أحمد جلد24صفحه171' رقم الحديث: 15438 . سنن الدارمي جلد 3صفحه1581' رقم الحديث: 2479 . تخريج الأحاديث المرفوعة جلد 1 صفحه 1186' رقم الحديث: 761 . الآحاد والمثاني لابن أبي عاصم جلد4صفحه363' رقم الحديث: 2402 . مكارم الأخلاق للخرائطي جلد1صفحه272' رقم الحديث: 838 .

547- البر والصلة للحسين بن حرب جلد1صفحه163' رقم الحديث: 319 . الأدب المفرد جلد1صفحه152' رقم الحديث: 422 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد4صفحه325' رقم الحديث: 2435 . الكنى والأسماء

اِبْـرَاهِيـمَ بْنِ جُوتَى الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْـدُ الْـمَـلِكِ بْـنُ عَبْـدِ الـرَّحْمَنِ الذِّمَارِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَـائِشَةَ اَنَّ الـنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ

اکرم ﷺ نے فرمایا: ولاء اس کے لیے ہے جو آزاد کرے۔

لَـمْ يَـرْوِهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مَعْنٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ

قاسم بن معن سے اس حدیث کو عبدالملک الذماری کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

548 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ النَّاقِطِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

للدولابی جلد2صفحه747' رقم الحدیث: 1294 . صحیح ابن خزیمة جلد2صفحه376' رقم الحدیث: 1497 . صحیح ابن حبان جلد 1صفحه534' رقم الحدیث: 299 . المعجم الأوسط جلد4صفحه365' رقم الحدیث: 4449 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11صفحه55' رقم الحدیث: 11027 . فوائد تمام جلد2صفحه65' رقم الحدیث: 1157 . شعب الایمان جلد 10صفحه114' رقم الحدیث: 7251 . فوائد محمد بن مخلد جلد1صفحه27' رقم الحدیث: 28 . قضاء الحوائج لابن أبی الدنیا جلد1صفحه29' رقم الحدیث: 14 . مدارلة الناس لابن أبی الدنیا جلد1صفحه92' رقم الحدیث: 101 . المطالب العالیة بزوائد جلد5صفحه659' رقم الحدیث: 959 .

548- صحیح البخاری جلد 3صفحه79' رقم الحدیث: 2213 . صحیح مسلم جلد3صفحه1229' رقم الحدیث: 1608 . سنن أبی داؤد جلد 3صفحه285' رقم الحدیث: 3513 . سنن الترمذی جلد3صفحه644' رقم الحدیث: 1370 . سنن النسائی جلد7صفحه301' رقم الحدیث: 4646 . سنن ابن ماجه جلد2 صفحه 835' رقم الحدیث: 2499 . مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 3صفحه268' رقم الحدیث: 1797 . مصنف عبد الرزاق الصنعانی جلد8صفحه82' رقم الحدیث: 14403 . مسند الحمیدی جلد 2صفحه345' رقم الحدیث: 1309 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه381' رقم الحدیث: 2607 . مصنف ابن أبی شیبة جلد 4 صفحه 519' رقم الحدیث: 22730 . سنن الدارمی

الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي كِلَابٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَهُ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ، فَنَهَاهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا نُطْرِقُ فَنُكْرَمُ، فَرَخَّصَ لَهُ فِي الْكَرَامَةِ

بنی کلاب سے ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے آپ سے نر کی جفتی پر اُجرت لینے کے متعلق سوال کیا تو آپ نے اس سے منع فرما دیا۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم اسے (یعنی نر کو مادہ پر) چھوڑتے ہیں تو ہمیں ہدیہ ملتا ہے' تو آپ نے ہدیہ لینے کی رخصت عطا فرما دی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ آدَمَ، وَتَفْسِيرُ اِطْرَاقِ الْفَحْلِ اَنْ يَكُونَ لِلرَّجُلِ الْفَرَسُ الْاُنْثَى، وَيَسْاَلُ الرَّجُلَ اَنْ يُعِيرَهُ فَرَسَهُ الذَّكَرَ، فَيَطْلُبُ مِنْهُ الْعَسْبَ وَهُوَ الْاُجْرَةُ، فَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ؛ فَاِنْ اَعَارَهُ فَرَسَهُ، فَاَنْزَاهُ عَنْ فَرَسِهِ، فَاَهْدَى اِلَيْهِ

محمد بن ابراہیم سے اس حدیث کو ہشام بن عروہ کے سوا اور نہ ہی ہشام سے ابراہیم بن حمید کے سوا کسی نے روایت کیا۔ یحییٰ بن آدم اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔ اور تفسیر نر چھوڑنے کی یہ ہے کہ ایک آدمی کے پاس مادہ گھوڑی ہو اور وہ دوسرے آدمی سے نر گھوڑے کا عاریتاً سوال کرے تو وہ اس سے کمائی مانگے اور یہی (نر کو مادہ پر چھوڑنے کی) اُجرت ہے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے

جلد 3صفحہ1715' رقم الحديث: 2670 . السنن الكبرى للنسائی جلد6صفحہ73' رقم الحديث: 6197 . مسند أبی يعلى الموصلی جلد4صفحہ123' رقم الحديث: 2171 . المنتقى لابن الجارود جلد 1صفحہ162' رقم الحديث: 641 . شرح معانی الآثار جلد 4 صفحہ 122' رقم الحديث: 5993 . مكارم الأخلاق للخرائطی جلد1صفحہ98' رقم الحديث: 258 . صحيح ابن حبان جلد 11صفحہ581' رقم الحديث: 5178 . المعجم الأوسط جلد2صفحہ357' رقم الحديث: 2220 . سنن الدارقطنی جلد 5صفحہ401' رقم الحديث: 4532 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد2صفحہ64' رقم الحديث: 2337 . السنن الصغير للبيهقی جلد2صفحہ314' رقم الحديث: 2134 . السنن الكبرى للبيهقی جلد6صفحہ179' رقم الحديث: 11595 . معرفة السنن والآثار جلد8 صفحہ308' رقم الحديث: 11986 .

هَدِيَّةً مِنْ غَيْرِ شَرْطٍ، فَلَا بَأْسَ بِذَلِكَ

اس سے منع فرما دیا' اگر کوئی عاریتاً کسی سے گھوڑا مانگے اور وہ گھوڑا دیدے تو لینے والا بغیر شرط کے ہدیہ دے دے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

549 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْفَرَجِيُّ الرَّمْلِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي قُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: اسْتَسْلَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ رَجُلٍ تَمْرَ لَوْنٍ، فَلَمَّا جَاءَ يَتَقَاضَاهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ عِنْدَنَا الْيَوْمَ شَيْءٌ، فَإِنْ شِئْتَ أَخَّرْتَ عَنَّا حَتَّى يَأْتِيَنَا شَيْءٌ فَنَقْضِيَكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاغَدْرَاهُ فَتَذَمَّرَ عُمَرُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: دَعْنَا يَا عُمَرُ، فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا، انْطَلِقُوا إِلَى خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيمِ الْأَنْصَارِيَّةِ فَالْتَمِسُوا لَنَا عِنْدَهَا تَمْرًا قَالَ: فَانْطَلَقُوا، فَقَالَتْ: وَاللَّهِ مَا عِنْدِي إِلَّا تَمْرُ ذَخِيرَةٍ، فَأَخْبَرُوا رَسُولَ

حضرت ابوحمید الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی سے پکی کھجوریں قرض لیں' پس وہ حاضر خدمت ہوا' آپ سے (قرض کا) تقاضا کرنے لگا' رسول اللہ ﷺ نے (اس سے) فرمایا: آج کے دن ہمارے پاس کچھ نہیں ہے' تو اپنی مرضی سے ہمیں مہلت دے حتیٰ کہ ہمارے پاس کوئی چیز آ جائے تو ہم تجھے دے دیں گے۔ اس آدمی نے کہا: یہ تو دھوکہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غصہ آ گیا' رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: اے عمر! ہمیں چھوڑ دے کیونکہ صاحبِ حق کو گفتگو (بات) کرنے کا حق ہے' تم خولہ بنت حکیم الانصاریہ کے پاس جاؤ' اس سے ہمارے لیے کھجور مانگ لاؤ۔ وہ گئے تو انہوں (یعنی حضرت خولہ) نے فرمایا: اللہ کی قسم! میرے پاس تو صرف ضرورت کی کھجوریں ہیں۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو اس بات کی خبر دی تو آپ نے فرمایا: اس سے لے کر قرض ادا کر دو۔ پس جب قرض ادا کر دیا تو وہ

549- صحيح مسلم جلد 3صفحه1179' رقم الحديث: 1546 . سنن ابن ماجه جلد 2صفحه820' رقم الحديث: 2455 . مؤطا مالك جلد 2صفحه625' رقم الحديث: 24 . مسند أحمد جلد 18صفحه124' رقم الحديث: 11577 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد 2صفحه407' رقم الحديث: 1191 . مستخرج أبي عوانة جلد 3 صفحه 321' رقم الحديث: 5152 . السنن الكبرى للبيهقي جلد 5صفحه502' رقم الحديث: 10642 . معرفة السنن والآثار جلد8صفحه94' رقم الحديث: 11245 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: خُذُوهُ فَاقْضُوهُ، فَلَمَّا قَضَوْهُ أَقْبَلَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: اسْتَوْفَيْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَدْ أَوْفَيْتَ وَأَطَبْتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ خِيَارَ عِبَادِ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ الْمُوفُونَ الْمُطَيِّبُونَ

رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ نے فرمایا: تو نے پورا پورا قرض ادا کر دیا؟ عرض کیا: جی ہاں! بلاشبہ میں نے پورا پورا اور عمدہ طریقے سے دیا' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہترین بندے وہ ہیں جو پورا پورا اور عمدگی سے (قرض) ادا کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ إِلَّا قُرَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

زہری سے اس حدیث کو یزید بن ابی حبیب کے سوا اور نہ ہی یزید سے قرہ کے سوا کسی نے روایت کیا۔ ابن وہب اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور حضرت ابوحمید سے یہ حدیث اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کی گئی۔

550 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَانَ الْأَهْوَازِيُّ أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ: أَتَانَا كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَنْ لَا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِإِهَابٍ وَلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن حکیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کا خط آیا کہ ہم مردار کی کھال سے فائدہ نہ اُٹھائیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَمْزَةَ إِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ

حمزہ سے اس حدیث کو عبدالصمد کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کیا۔

551 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَحْيَى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

550- مسند الشهاب القضاعي جلد1صفحه433' رقم الحديث: 744 .

551- تفسير ابن أبي حاتم جلد3صفحه722' رقم الحديث: 3909 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 7صفحه132'

الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ الْخَيَّاطُ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ:اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: بَاعَ مُدَبَّرًا مِنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک مدبر غلام نعیم بن عبداللہ کو فروخت کیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اَبُو سَعِيدٍ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ

شعبہ سے اس حدیث کو ابوسعید کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور محمد بن میمون اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہیں۔

☆☆☆☆☆

رقم الحديث: 34754 . الزهد لأبي داؤد جلد 1 صفحه320' رقم الحديث: 368 . مكارم الأخلاق للخرائطي جلد 1 صفحه138' رقم الحديث: 405 . المعجم الأوسط جلد5 صفحه378' رقم الحديث: 5613 . مسند الشهاب القضاعي جلد2 صفحه66' رقم الحديث: 893 . شعب الايمان جلد7 صفحه64' رقم الحديث: 4650 . الصمت لابن أبي الدنيا جلد 1 صفحه53' رقم الحديث: 17 . الزهد لأحمد بن حنبل جلد 1 صفحه171' رقم الحديث: 1165 . الزهد لابن أبي عاصم جلد 1 صفحه27' رقم الحديث: 28 .

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

20- كتاب الجهاد

جہاد کے احکام ومسائل

552 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عَبْدِ الْمَلِكِ الْقُرَشِيُّ الْبُسْرِيُّ الدِّمَشْقِيُّ بِدِمَشْقَ سَنَةَ تِسْعٍ وَسَبْعِينَ وَمِائَتَيْنِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ عِيَاضَ بْنَ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيَّ ثُمَّ النَّهْشَلِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَهْدَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عیاض بن حمار المجاشعی ثم النہشلی رضی اللہ عنہ نے مسلمان ہونے سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے لیے ایک گھوڑا ہدیہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں مشرکین کے ہدیے پسند نہیں کرتا۔

552- سنن الترمذی جلد4صفحه140' رقم الحديث: 1577 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد 2صفحه409' رقم الحديث: 1178 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 6صفحه516' رقم الحديث: 33445 . مسند أحمد جلد 29 صفحه29' رقم الحديث: 17482 . البر والصلة للحسين بن حرب جلد 1صفحه135' رقم الحديث: 266 . المنتقى لابن الجارود جلد 1صفحه280' رقم الحديث: 1110 . شرح مشكل الآثار جلد 6صفحه399' رقم الحديث: 2567 . المعجم الأوسط جلد 7صفحه321' رقم الحديث: 7620 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 9 صفحه362' رقم الحديث: 18793 . تهذيب الآثار مسند علی جلد 3صفحه209' رقم الحديث: 345 . معرفة الصحابة لأبی نعيم جلد 4صفحه2165' رقم الحديث: 5431 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا قَبْلَ اَنْ يُسْلِمَ فَقَالَ: اِنِّی اَكْرَهُ زَبْدَ الْمُشْرِكِينَ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الصَّلْتُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

سفیان سے اس حدیث کو صلت بن عبدالرحمٰن کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ سلیمان بن عبدالرحمٰن اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

553 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخَشَّابُ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جُنَادٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ، عَنْ رَوْحِ بْنِ زِنْبَاعٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى تَمِيمٍ الدَّارِيِّ وَهُوَ اَمِيرٌ عَلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَهُوَ يُنَقِّي لِفَرَسِهِ شَعِيرًا، فَقُلْتُ لَهُ: اَيُّهَا الْاَمِيرُ، اَمَا كَانَ لَكَ مَنْ يَكْفِيكَ هَذَا؟ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ نَقَّى لِفَرَسٍ شَعِيرًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَامَ بِهِ حَتَّى يُعَلِّقَهُ عَلَيْهِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ شَعِيرَةٍ حَسَنَةً

حضرت روح بن زنباع فرماتے ہیں کہ میں حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور وہ بیت المقدس کے امیر تھے اور وہ اپنے گھوڑے کے لیے جَو صاف کر رہے تھے میں نے ان سے عرض کیا: اے امیر! کیا آپ کے اس کام کے لیے آپ کو کفایت کرنے والا کوئی نہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو اللہ کی راہ میں گھوڑے کے لیے جَو صاف کرے پھر اسے تیار کرے حتیٰ کہ اسے اس کے ساتھ لٹکا دے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر جَو کے بدلے اس کے لیے ایک نیکی لکھتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ اِلَّا ابْنُ شَوْذَبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جُنَادٍ

ابراہیم بن ابوعبلہ سے اس حدیث کو ابن شوذب کے سوا اور نہ ہی ابن شوذب سے عطاء بن مسلم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ عبید بن جناد اس حدیث کی روایت

553- سنن ابن ماجه جلد2صفحه933' رقم الحديث: 2791 . سنن سعيد بن منصور جلد 2صفحه203' رقم الحديث: 2439 . مسند أحمد جلد 28صفحه153' رقم الحديث: 16955 . الكنى والأسماء للدولابى جلد 1صفحه88' رقم الحديث: 189 . معجم ابن الأعرابى جلد 1صفحه335' رقم الحديث: 631 . المعجم الكبير للطبرانى جلد 2صفحه51' رقم الحديث: 1254 . مسند الشاميين للطبرانى جلد1صفحه315' رقم الحديث: 553 . شعب الايمان جلد6صفحه130' رقم الحديث: 3968 .

کے ساتھ منفرد ہے۔

554 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْوَلِيدِ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِحَدِيثِ الضَّبِّ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي مَحْفَلٍ مِنْ اَصْحَابِهِ اِذْ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ قَدْ صَادَ ضَبًّا، وَجَعَلَهُ فِي كُمِّهِ يَذْهَبُ بِهِ اِلَى رِحْلَةٍ، فَرَاَى جَمَاعَةً، فَقَالَ: عَلَى مَنْ هَذِهِ الْجَمَاعَةُ؟ فَقَالُوا: عَلَى هَذَا الَّذِي يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ، فَشَقَّ النَّاسَ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، (ص:**154**) فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا اشْتَمَلَتِ النِّسَاءُ عَلَى ذِي لَهْجَةٍ اَكْذَبَ مِنْكَ وَاَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْكَ، وَلَوْلَا اَنْ تُسَمِّيَنِي قَوْمِي عَجُولًا لَعَجِلْتُ عَلَيْكَ، فَقَتَلْتُكَ، فَسَرَرْتُ بِقَتْلِكَ النَّاسَ اَجْمَعِينَ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دَعْنِي اَقْتُلْهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْحَلِيمَ كَادَ اَنْ يَكُونَ نَبِيًّا، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى، لَا آمَنْتُ بِكَ، وَقَدْ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے والد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے گوہ والی حدیث روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کرام کے ساتھ ایک محفل میں تشریف فرما تھے کہ ایک دیہاتی قبیلہ بنی سلیم سے آیا' اس نے گوہ شکار کی ہوئی تھی اور اسے اپنی آستین میں لیے سفر پر جا رہا تھا' اس نے ایک جماعت دیکھی' اس نے کہا: یہ جماعت کس شخص پر (جمع) ہے؟ تو لوگوں نے کہا: اس شخص پر جس کا یہ گمان ہے کہ وہ نبی ہے' پس اس نے لوگوں کو چیرا' پھر رسول اللہ ﷺ کے سامنے آ کھڑا ہوا' اس نے کہا: اے محمد! عورتیں تجھ سے زیادہ جھوٹ والا لب ولہجہ نہیں رکھتیں اور میرے نزدیک آپ سے زیادہ بُرا بھی کوئی نہیں (معاذ اللہ!) اور اگر مجھے میری قوم جلد باز کے نام سے موسوم نہ کرتی تو میں آپ پر جلدی کرتا' پس آپ کو قتل کر دیتا اور میں آپ کی طرف سے تمام لوگوں کو خوش کر دیتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اسے قتل کر دوں! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ بردبار قریب ہے کہ نبی ہو جائے۔ پھر وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہوا' اس نے کہا: لات و عزیٰ کی قسم! میں آپ پر ایمان لایا' حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا تھا کہ اے دیہاتی! تجھے کس چیز نے مجبور کیا کہ تو یہ کہے؟ اور تو

554- دلائل النبوة لأبی نعیم جلد1 صفحه376' رقم الحديث: 275 ۔ دلائل النبوة للبيهقی جلد6 صفحه36 ۔

وَسَلَّمَ: يَا اَعْرَابِيُّ، مَا حَمَلَكَ عَلَى اَنْ قُلْتَ مَا قُلْتَ، وَقُلْتَ غَيْرَ الْحَقِّ، وَلَمْ تُكْرِمْ مَجْلِسِي؟ قَالَ: وَتُكَلِّمُنِي اَيْضًا اسْتِخْفَافًا بِرَسُولِ اللّٰهِ، وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى لَآمَنْتُ بِكَ اَوْ يُؤْمِنُ بِكَ هٰذَا الضَّبُّ، فَاَخْرَجَ الضَّبَّ مِنْ كُمِّهِ، وَطَرَحَهُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اِنْ آمَنَ بِكَ هٰذَا الضَّبُّ آمَنْتُ بِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَا ضَبُّ، فَتَكَلَّمَ الضَّبُّ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُبِينٍ يَفْهَمُهُ الْقَوْمُ جَمِيعًا: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَا رَسُولَ رَبِّ الْعَالَمِينَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعْبُدُ؟ قَالَ: الَّذِي فِي السَّمَاءِ عَرْشُهُ، وَفِي الْاَرْضِ سُلْطَانُهُ، وَفِي الْبَحْرِ سَبِيلُهُ، وَفِي الْجَنَّةِ رَحْمَتُهُ، وَفِي النَّارِ عَذَابُهُ، قَالَ: فَمَنْ اَنَا يَا ضَبُّ؟ قَالَ: اَنْتَ رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَخَاتَمُ النَّبِيِّينَ، قَدْ اَفْلَحَ مَنْ صَدَّقَكَ، وَقَدْ خَابَ مَنْ كَذَّبَكَ، فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ حَقًّا، وَاللّٰهِ لَقَدْ اَتَيْتُكَ وَمَا عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ اَحَدٌ اَبْغَضُ اِلَيَّ مِنْكَ، وَوَاللّٰهِ لَاَنْتَ السَّاعَةَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ نَفْسِي وَمِنْ وَالِدِي، فَقَدْ آمَنَ بِكَ شَعْرِي وَبَشَرِي، وَدَاخِلِي وَخَارِجِي، وَسِرِّي وَعَلَانِيَتِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي هَدَاكَ (ص: 155) اِلَى هٰذَا الدِّينِ

نے حق بات نہیں کہی اور نہ تو نے میری مجلس کی تکریم کی ہے۔ فرمایا: اور تو مجھ سے اللہ کے رسول کو حقیر سمجھتے ہوئے یہ بات کہہ رہا ہے لات و عزیٰ کی قسم! میں آپ پر ایمان لاؤں گا اگر یہ گوہ آپ پر ایمان لائے۔ سو اس نے اپنی آستین سے گوہ نکالی اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے ڈال دی اور کہا: اگر یہ گوہ آپ پر ایمان لے آئے تو میں بھی آپ پر ایمان لے آؤں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے گوہ! تو گوہ نے عربی زبان میں کلام کیا جسے تمام لوگوں نے سمجھا۔ (اس نے کہا:) اے رب العالمین کے رسول! میں حاضر ہوں اور تعمیل حکم کے لیے تیار ہوں اے تمام جہانوں کے رب کے رسول! رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا: تو کس کی عبادت کرتی ہے؟ اس نے کہا: اس ذات کی جس کا عرش آسمان میں ہے اور جس کی بادشاہی زمین میں ہے اور جس کا راستہ سمندر میں ہے اور جنت میں جس کی رحمت ہے اور دوزخ میں جس کا عذاب ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے گوہ! میں کون ہوں؟ اس نے کہا: آپ تمام جہانوں کے رب کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں بلاشبہ وہ کامیاب ہو گیا جس نے آپ کی تصدیق کی اور بلاشبہ وہ نامراد ہوا جس نے آپ کی تکذیب کی۔ اس اعرابی نے پڑھا: لا الٰہ الا اللّٰہ وانت رسول اللّٰہ حقًا (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور آپ اللہ تعالیٰ کے برحق رسول ہیں)۔ اللہ کی قسم! میں آپ کے پاس آیا تو روئے

الَّذِي يَعْلُو وَلَا يُعْلَى عَلَيْهِ، وَلَا يَقْبَلُهُ اللّٰهُ إِلَّا بِصَلَاةٍ، وَلَا يَقْبَلُ الصَّلَاةَ إِلَّا بِقُرْآنٍ، فَعَلَّمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا سَمِعْتُ فِي الْبَسِيطِ، وَلَا فِي الرَّجَزِ أَحْسَنَ مِنْ هَذَا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا كَلَامُ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَلَيْسَ بِشِعْرٍ، وَإِذَا قَرَأْتَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ مَرَّةً فَكَأَنَّمَا قَرَأْتَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ، وَإِذَا قَرَأْتَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ مَرَّتَيْنِ فَكَأَنَّمَا قَرَأْتَ ثُلُثَي الْقُرْآنِ، وَإِذَا قَرَأْتَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَكَأَنَّمَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ كُلَّهُ، فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: نِعْمَ الْإِلَهُ إِلَهُنَا، يَقْبَلُ الْيَسِيرَ وَيُعْطِي الْجَزِيلَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَعْطُوا الْأَعْرَابِيَّ، فَأَعْطَوْهُ حَتَّى أَبْطَرُوهُ، فَقَامَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُعْطِيَهُ نَاقَةً أَتَقَرَّبُ بِهَا إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ دُونَ الْبُخْتِيِّ وَفَوْقَ الْأَعْرَابِيِّ وَهِيَ عُشَرَاءُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ قَدْ وَصَفْتَ مَا تُعْطِي، وَأَصِفُ لَكَ مَا يُعْطِيكَ اللّٰهُ جَزَاءً قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: لَكَ نَاقَةٌ مِنْ دُرٍّ جَوْفَاءَ، قَوَائِمُهَا مِنْ زَبَرْجَدٍ أَخْضَرَ، وَعُنُقُهَا مِنْ زَبَرْجَدٍ أَصْفَرَ، عَلَيْهَا هَوْدَجٌ، وَعَلَى الْهَوْدَجِ السُّنْدُسُ وَالْإِسْتَبْرَقُ، تَمُرُّ بِكَ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ

زمین پر آپ سے بڑھ کر میرے نزدیک ناپسندیدہ کوئی نہ تھا اور اللہ کی قسم! اب میرے نزدیک آپ میری جان اور میرے والدین سے بھی زیادہ مجھے محبوب ہیں۔ بلاشبہ میرے بال' میرا جسم' میرا اندر' میرا باہر' میری پوشیدگی اور ظاہری حالت آپ پر ایمان لائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے تجھے اس دین کی ہدایت عطا فرمائی جس نے بلند ہی ہونا ہے' اس پر کسی نے بلند نہیں ہونا' اللہ تعالیٰ اس کو بغیر نماز کے قبول نہیں فرماتا اور نماز کو بغیر قرآن کے قبول نہیں فرماتا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے الحمد للہ (یعنی سورۂ فاتحہ) اور قل ھو اللہ احد سکھائی' اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں نے ایسا کلام نہ نثر میں سنا اور نہ اشعار کی صورت میں جو اس سے زیادہ حسین ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ تمام جہانوں کے رب کا کلام ہے اور یہ شعر نہیں ہے اور جب تو نے ایک دفعہ کہا: قل ھو اللہ احد تو گویا تُو نے تہائی قرآن پڑھ لیا اور جب تو نے دو مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھا تو گویا تُو نے دو تہائی قرآن پڑھ لیا اور جب تو نے تین مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھا تو گویا تُو نے پورا قرآن پڑھ لیا۔ اس دیہاتی نے عرض کیا: ہمارا معبود بہترین معبود ہے' تھوڑا قبول فرماتا ہے اور زیادہ عطا فرماتا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اعرابی کو کچھ دو! تو اسے دیا گیا حتیٰ کہ اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا گیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اُٹھے' انہوں

الْخَاطِفِ، فَخَرَجَ الْاَعْرَابِيُّ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَلَقِيَهُ اَلْفُ اَعْرَابِيٍّ عَلَى اَلْفِ دَابَّةٍ بِاَلْفِ رُمْحٍ وَاَلْفِ سَيْفٍ، فَقَالَ لَهُمْ: اَيْنَ تُرِيدُونَ؟ قَالُوا: نُقَاتِلُ هَذَا الَّذِي يَكْذِبُ، وَيَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ، فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالُوا لَهُ: صَبَوْتَ؟ فَقَالَ: مَا صَبَوْتُ، وَحَدَّثَهُمْ بِهَذَا الْحَدِيثِ، فَقَالُوا بِاَجْمَعِهِمْ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَتَلَقَّاهُمْ فِي رِدَاءٍ، فَنَزَلُوا عَلَى رُكَبِهِمْ يُقَبِّلُونَ مَا وَلَّوْا مِنْهُ، وَهُمْ يَقُولُونَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالُوا: مُرْنَا بِاَمْرِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: تَدْخُلُوا تَحْتَ رَايَةِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: فَلَيْسَ اَحَدٌ مِنَ الْعَرَبِ آمَنَ مِنْهُمْ اَلْفٌ جَمِيعًا اِلَّا بَنُو سُلَيْمٍ

نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا ارادہ ہے کہ میں اسے اللہ کی ذات کا قرب حاصل کرنے کے لیے اونٹنی دوں جو بختی سے کم اور اعرابی سے اوپر ہے اور وہ دس ماہ کی (حاملہ) ہو گی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے جن صفتوں والی (اونٹنی) بیان کی وہ تو نے دے دی اور میں تجھے اس (اونٹنی) کا وصف بتاتا ہوں جو تجھے اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا' تو انہوں (حضرت عبدالرحمٰن) نے عرض کیا: ٹھیک ہے (بیان فرمایئے!) آپ ﷺ نے فرمایا: "تیرے لیے کشادہ موتیوں والی اونٹنی ہے' اس کے پاؤں سبز زبرجد کے ہیں اور اس کی گردن زرد زبرجد کی ہے' اس پر پالان ہے اور پالان پر سندس اور استبرق (باریک اور موٹا ریشم) لگے ہیں' تُو پل صراط پر اس کے ذریعے اُچکنے والی بجلی کی طرح گزرے گا۔ وہ اعرابی رسول اللہ ﷺ کے پاس سے نکلا تو اس کو ایک ہزار اعرابی' ایک ہزار سواریوں پر ایک ہزار نیزوں اور تلواروں کے ساتھ ملے۔ اس نے ان سے کہا: تم کہاں کا ارادہ رکھتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم اس شخص سے جنگ کرنے جارہے ہیں جو جھوٹ بولتا ہے اور اس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے۔ اس اعرابی نے کہا: ''اشهد ان لا الٰه الا اللّٰه واشهد محمدًا رسول اللّٰه'' انہوں نے اس سے کہا: تُو صابی ہو گیا' اس نے بتایا کہ میں صابی نہیں ہوا اور انہیں اپنا واقعہ بیان کیا تو ان سب نے کہا: لا الٰه الا اللّٰه محمد رسول اللّٰه - یہ بات نبی اکرم ﷺ تک پہنچی تو آپ نے ان سے ایک چادر میں

ملاقات کی تو وہ اپنی سواریوں سے نیچے اترے اور آپ کو چومنے لگے وہ کہنے لگے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ' اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! آپ ہمیں اپنا حکم سنائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: تم خالد بن ولید کے جھنڈے تلے داخل ہو جاؤ! فرمایا: اہل عرب سے کوئی اکٹھے ایک ہزار کی تعداد میں ایمان نہیں لایا سوائے قبیلہ بنوسلیم کے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدَ بِهَذَا التَّمَامِ اِلَّا كَهْمَسٌ، وَلَا عَنْ كَهْمَسٍ اِلَّا مُعْتَمِرٌ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى

داؤد بن ابوہند سے اس حدیث کو اس طرح مکمل کسی نے کہمس کے سوا اور نہ کہمس سے معتمر کے سوا روایت کیا۔ محمد بن عبدالاعلیٰ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

555 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُورَانِیُّ بِمَدِينَةِ الْحَدِيثَةِ بِالْجَزِيرَةِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جنگ دھوکہ دہی

